AR
238

Taqwiet - E - Ruhani

Edited By :
Dr. A. Zaibunissa M.A. B.Ed., Ph. D.,

General Editor :
Natana Kasinathan M.A.

G.O.M.L. Publication No.418
Islamic Languages Publication No:27

TAQWIYAT - E - RUHANI

Edited by:

Dr. A. Zaibunissa, M.A., B.Ed., Ph.D.,
Urdu Pandit
Government Oriental Manuscripts Library,
Chennai - 5

General Edior

Natana. Kasinathan, M.A.,
Director of Archaeology, Chennai - 113

©

GOVERNMENT ORIENTAL MANUSCRIPTS LIBRARY
CHENNAI - 5

1997

Price: Rs.55/-

தக்வியட் - ஏ - ருகானி

நூற் சுருக்கம்

இவ்வுரை நடைநூல், உருதுமொழியில் திலாவர் உசேன் என்பவரால் எழுதப்பட்டுள்ளது. இவர் சென்னையைச் சேர்ந்தவர்.

இந்நூல் கி.பி.1822இல் எழுதப்பட்டது.

பாக்தாத் (ஈராக்கின் தலைநகர்) நாட்டில் வாழ்ந்த இசுலாமிய ஞானியான அப்துல்காதிறு ஜிலானி கூறிய மொழிகளையும், உபதேசங்களையும் கொண்டது இந்நூல்.

ஜிலானி ஏற்றுமதி இறக்குமதித் தொழில் நடத்தியவர்; தூய வாழ்க்கை வாழ்ந்தவர்.

தொண்டைநாட்டு இசுலாமிய வரலாற்றில் குறிப்பிடத் தக்க நூல் இது.

முனைவர் சு.சௌந்தரபாண்டியன்
எம்.ஏ., எம்.ஏ., பி.எட்., டிப்.வ.மொ., பிஎச்.டி.,
காப்பாட்சியர்
அ.கீ.சு. நூலகம்
சென்னை - 5

LIBRARY FOR ILLITERATES
- A THEORY

Dr. S. Soundarapandian
M.A., M.A., B.Ed., Dip.Skt., Ph.D.,
Curator
Govt.Oriental Manuscripts Library
University Library Building
Chennai - 5.

EXIGENCY:

It is true that our libraries are growing modern; but, side by side, people begin to think that library is a tarnished institution.

Scholars do utilise a library in their tense moments; but afterwards, just wink at the institution. They not even want to utter the name of the library. They think that it is not prestigious to talk about library and in fact they want to eschew the library to a maximum level.

So, it is hightime to ponder over to eliminate this bad climate and name for the above noted situation is common to libraries in any part of the world.

Above all, the dire need is to mend our society and to uplift it.

THEORY:

Illiterates could well be admitted into a library. They should be asked politely what they want at that time. Any kind of demand should be patiently heard. They should be directed in right path at once. This is library for illiterates.

FUNCTIONS:

Let us put the theory in a detailed fashion.

A VOICE OF PEACE....

This work is a live sketch of the life and teachings of the eminent saint, Hazarath Syed Abdul Qadir Jeelani, whose shrine at Baghdad is being visited by Muslims of the whole world. Written in prose in 1822 A.D., this is a heartwarming treatise for muslims.

My thanks are extended to the Director of Archaeology, Natana Kasinathan for his guidance and Dr.A.Zaibunissa (Urdu Pandit) who prepared the press copy of this book.

Dr. S. Soundarapandian
M.A., M.A., B.Ed., Dip.Skt., Ph.D
Curator
G.O.M.L.
Chennai - 5

EDGE OVER OTHER INSTITUTIONS:

One can well cash, "why the library? There are institutions like police station, Nonformal Education Centre. etc!"

There is difference - a vast difference.

In a way or other, the so called social institutions are having their own shortcomings. When compared to these fallacies, our institution stands supreme.

For example, even to place complaint against his own suppression, a man of average mental strength is afraid of going to police station. This prevails in many countries. People think that they can endure a particular suppression instead of undergoing to many clutches of police or so.

Similarly, if we take a religious institution, it is generally biased. Justice will not be meted out to people of other religions.

Considering social reformation centres, they are not disciplined institutions; In them, we can not expect a respectful treatment.

Likewise, take any kind of social institution, they cannot come anywhere near our library in guiding the common people.

Library, the very word has tremendous power in society. People are under the good impression that a library is a pious place where no evil could happen. The motive of any library is great. So, we can extract this 'goodwill', to change the society or to bring even a silent revolution. This may be the right goal of a library.

People never get fear to go to library. A library cannot do harm to a common man however meek he is.

So, taking advantages of such a situation, we can draw illiterates towards libraries.

If a folk wants a job for his livlihood, the librarian can direct him to go to the right place to seek.

If a common man wants to settle his land disputes he can be directed to a right person. (People may not be knowing the government's facilities of free counselling).

If an illiterate man wants to book a ticket for his native place, the librarian can ring up to the railway station or bus stand and the correct information can be passed on.

If an illiterate expresses his sufferings due to some other community, he can be diverted to a correct place, giving some hope.

If a farmer likes to know about pesticides, necessary information will be supplied to him.

If a person (illiterate) wants to go aborad, the true guidelines can be furnished to him.

In this manner, library can effectively, but calmly, play a role in helping the society.

INTRODUCTION

This URDU manuscript bearing number D.159 is a single copy available in Govt. Oriental Manuscripts Library, Chennai 5. It is a compendium of the life and teachings of the eminent saint Hazarat Syed Abdul Qadir Jeelani, whose shrine at Baghdad is the resort of Muslims all over the world. The date of composition is 26th Rabiul awwal 1351 A.H.

The work begins with the teachings of Saint Hazrath Abdul Qadir Jeelani and ends with Salam, composed by Salaām. The author has descrfibed the various events and anecdotes connected with the life and teachings of the Saint Abdul Qadir Jeelani.

Abdul Qadir Jeelani was a great saint born at Baghdad. Till the age of 18 years he learnt the fundamental religious books at Jeelan. Then he went to college for higher religions studies in Baghdad. His forefather belonged to Holy Prophet Mohd. Salaams family. From his very yound age he was sincere, truthful and polite. He never spoke lie in his lifetime. At the age of 28 years he completed all his studies and got 'Dastar' from his great Guru. He spent his good time for 25 years in the forest of Iraq. All the time he was meditating and seeking the Qurb of Allah. At the age of 54 years he started to adivce peoples. He devoted his whole life to remove evil thoughts from Muslim Community. Till the age of 94 years he was doing his best services. He died in the year 561 A.H.

Thus the author has eloborately discussed and quoted various traditions and different principles of Jurisprudence. It is a work on Muslim Theology and moral philosophy taught by Saint Abdul Qadir Jeelani to his disciples.

Hence the edge.

CONCLUSION:

We can extend this theory to any length. As already metioned, if libraries function as illiterates' resort, a total revolution can be achieved. Many are in this world who do not know waht to do in many circumstances. If they think that there institutions (libraries) where they can go for correct guidance, they will begin to cooperate with others and this will bring, definately, a revolution without blood and banner, without word or swrod, without cessions or processions in the world.

تقویت روحانی

از (دلاور حسین الناصری)

كَلمةُ الحكمة ضالةُ المؤمِن
حَيثُ وجدها فَهو أحقُّ بها

(حدیث نبوی)

"حکمت کی بات مومن کی گمشدہ چیز ہے
جہاں بھی اُسے پائے حاصل کرلے کیونکہ
وہی اُسکا بہترین مستحق ہے"

ڈاکٹر زیب النساء۔ ایم۔اے۔بی۔ایڈ۔پی۔ایچ۔ڈی
گورنمنٹ اورنٹیل مینوسکرپٹ لائبریری
مدراس-۵

The author's name is Dilawar Hussain Farooqi-al-Nasri. The author wrote each and every anecdote with proper date and Day, on which the great Saint told to his students. At the end among five poems, one poem or Qasida is written in simple persian language.

A. Zaibunnissa M.A., Ph.D.

دیباچہ

دلاور حسین الناصری نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ علیہ کے زندگی کے حالات اور تلمیحات اور تعلیمات کو یکجا جمع کئے ہیں۔ اور اس نسخے کا عنوان۔ تقویت روحانی ہے۔

جناب اقطاب حضرت عبدالقادر جیلانی جیلان شریف میں ۴۷۱ھ ہجری مقدسہ میں پیدا ہوئے۔ جب آپ کی سن مبارک اٹھارہ سال کی ہوئی آپ بغداد شریف لائے۔ قلیل عرصے میں۔ آپ تمام جمیع علوم عقلی ونقلی سے سر فراز ہوگئے تعلیم حاصل کرنے کے بعد تقریباً پچیس برس تک آپ عراق کے جنگلات میں اس بلند حوصلے سے گذرے کہ آدمی کی صورت تک نہ دیکھے۔ اسکے بعد درس و تدریس شروع کے۔ انکے کلام کے تاثیر کو صرف فصاحت وبلاغت کی فسون طرازی نہیں کہا جاسکتا، انکی مجلس دلوں کے لئے مقناطیس تھی۔ گناہ گار آتے تو تائب ہو کر اٹھتے۔ غیر مسلم شریک ہوتے تو کلمہ پڑھتے۔ وہ تو ایک عجیب وغریب شخصیت کے مالک تھے۔ جس کے سامنے سینوں کے بھید کھلے ہوئے تھے۔ وہ چہروں کی طرح دلوں کو بھی دیکھ لیتے تھے۔ ان کی مجلس مردان غیب سے بھری ہوتی۔ یہ شخصیت چالیس برس تک ان کے درمیان اس انداز میں رہی۔ اور ۱۰ ربیع الثانی ۵۶۱ء کو عالم بقا کی طرف روانہ ہوگئی۔ وہ اپنے بعد صالح اور باعلم اولاد متقی ومتدین مرید باکرامت رفقاء اور قادری درویشوں کی ایک تنظیم چھوڑ گئے۔ جنہوں نے ان کے مشن کو مراکش سے چین تک ایک قلیل عرصہ میں پہنچادیا۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ کا نام مبارک عبدالقادر ہے۔ کنیت ابو محمد۔ لقب محی الدین ہے۔ اللہ تعالےٰ نے آپ کے سبب سے دین اسلام کو دوبارہ زندہ کیا۔ اللہ تعالےٰ نے آپ کو خلق پر ظاہر فرمایا۔ اور مرتبہ قطبیت کبریٰ ولایت عظمیٰ سے مخصوص کیا۔ اور اکابر، فقہاو اولیاء وعلماوغیرھم کو آپ سے مستفیض فرمایا۔

غرض اس کتاب میں مصنف نے روحانی صفائی اور نفس کی پاکیزگی کے متعلق شیخ عبدالقادر جیلانی" کے تعلیمات مبارکہ پر روشنی ڈالی ہے۔ جو مسلمانون کی روحانی اصلاح کے لئے بے حد مفید ہے۔ حضرت۔ عبدالقادر جیلانی" کا مزار مبارک بغداد میں مرقع خلائق عام وخاص ہے۔

ہر سال ماہ ماربیع الثانی کے گیارہ دن آپکے تعلیمات کو خاص وعام تک پہنچاتے ہیں۔ اور گیارھویں شریف بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں۔ ساری دنیا میں آپ کے مواعظ حسنہ کی تصنیف وتالیف جاری ہے۔ اور سب آپکے ارشادات عالیہ اور ملفوظات مبارکہ سے مستفید ہو رہے ہیں۔

ڈاکٹر زیب النساء ایم۔اے۔بی۔ایڈ۔پی۔ایچ۔ڈی

بسمِ اللّٰہ الرّحمنِ الرّحِیم

ولادت باسعادت جناب اقطاب حضرت سید عبد القادر جیلانی رضی اللّٰہ عنہ جیلان شریف میں ۔۲۸یا ۲۸۱ ۔ ہجری مقدسہ میں ہوئی ۔ آپ کی سِن مبارک جب اٹھارہ سال کی ہوئی آپ بغداد میں تشریف فرما ہوئے ۔ تھوڑے عرصہ میں جامع جمع علوم عقلی ونقلی ہوئے تمامی علمائے عالم پر جمیع علوم میں فائق ہوئے فقہا، علما اور صالحین آپ کی خدمت میں انتفاع اور تحصیل علوم کے لئے جمع ہوتے تھے آپ کی صحبت کلام سے نفع کثیر اُٹھاتے تھے ۔ اللّٰہ جل شانہ نے آپ کو مفاتح معارف وحقائق تضویض فرمائش تھیں ۔ سلطنت معارف وحقائق آپ کی طرف منتہی ہوئی تھی ۔ علوم عقلی ونقلی کو فروعاً واصولاً ثابت فرماتے تھے ۔ قولاً وفعلاً مدد حق فرماتے تھے ۔ آپ کا نورِ بنی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روشن ہے ۔ آپ کے نور کو نور نبوت علی صاجہا الصلواہ واسلام سے قوت وتروتازگی واستمداد ہے ۔

شیخ شہاب الدین سہروردی نے بیان کیا ہے کہ آنحضرت رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ ہر ولی قدم بہ قدم ہر بنی کے ہے ۔ اور میں قدم بقدم اپنے جدامجد محمد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ والہ و اصحابہ وسلم کے ہوں ۔ جس مقام سے آن سرور دو عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے قدم اُٹھایا اُسی مقام پر میں نے قدم رکھا ۔ مگر بنوت کے مقام پر میں نے قدم نہیں رکھا ۔ اسواسطے کہ وہ سوائے بنی کے کسی ولی کو مل نہیں سکتی ۔ آں حضرت رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ ، فرماتے ہیں ۔ قدمی ھذہ علی رقبۃ کل ولی اللّٰہ ، یعنے یہ میرے قدم سب ولی اللّٰہ کے گردن پر ہیں ۔ یہ قول آپ کے مقامِ فردیت کی خبر دیتا ہے ۔ جس وقت آپ نے یہ فرمایا اسوقت کل روئے زمین پر تین سو تیرہ ۳۱۳ اولیا تھے سبھوں نے اپنی گردین فوراً آپ کے زیر قدم جھکادی ۔ سب سے پہلے حضرت شیخ علی بن ہستی نے حضرت قطب الاقطاب کا قدم مبارک اپنی گردن پر رکھا ۔ عجم میں ایک ولی نے انکار کیا ۔ اس کی حالت اسی وقت مسلوب ہوگئی ۔ اصفہان میں ایک ولی نے خلاف کیا اس کا حال بھی مصلوب ہوگیا ۔

مشائخ سے روایت ہے کہ جس وقت کوئی شخص کیسا ہی سیاہ قلب آپ کو دیکھتا تھا اس کے قلب کو نرمی حاصل ہوتی تھی۔ نفاق، بغض، کینہ، حسد، اس شخص کے قلب سے بالکل زاہل ہوجاتا تھا۔ وہ دینا کی محبت کو، فراموش کردیتا تھا۔

آنحضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ، صاحب ہبیت عظیمہ تھے۔ جس وقت کسی کی طرف دیکھتے تھے قریب ہوتا تھا وہ خوف سے گر پڑے۔ بارہا اندام پر رعشہ پڑ جاتا تھا۔

ابو محمد علی بن ادریس یعقوبی" نے شیخ ابو الحسن علی بن ہیستی" سے بیان کیا ہے کہ آں حضرت رضی اللہ عنہ بغیر مدد و قوت خود ہر امر کو اللہ جل شانہ کی تفویض کرتے ہیں۔ آپ کا طریقہ تجرید، توحید اور توحید تفرید ہے۔ آپ کو مقام عبدیت میں معد اسرار عبدیت حضوری ہے۔ آپ کو کمال ربوبیت کا ملاحظہ ہے۔ آپ ایسے بندے ہیں۔ جو مصاحبت تفرقہ سے معائنہ جمع تک باوجود پابندی احکام شریعت کے بلند ہوئے ہیں۔

شیخ عدی بن مسافر نے کہا آپ کا طریق بموافقت روح و قلب و اتحاد ظاہر و باطن قضا و قدر کی فرمانبرداری ہے۔ آپ کا طریق صفات نفس اور نفع و ضرر اور قرب و بعد سے علیٰحدگی ہے۔

شیخ بقا ابن بطو نے بیان کیا ہے کہ آں حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا طریق اتحاد قول و فصل اور اتحاد نفس و قلب تھا۔ اور اتحاد اخلاص و تسلیم آپ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ہر لحظ خطرہ نفس وو ارد حال پر حکم کرتے تھے۔ آپ کو ہر آن اللہ جل شانہ، کے ساتھ ثبات تھا۔

شیخ ابو الفرح عبدالرحیم" بیان کرتے ہیں کہ میں بغداد میں آیا آنحضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ، کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کا حال اور فراغ قلب اور خلوء اسرار ایسا دیکھا جس سے میری عقل زائل ہوگئی۔

شیخ عارف ابو الحسن علی القرشی رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ آں حضرت رضی اللہ

تعالےٰ عنہ، کا طریق یہ تھا کہ آپ کو از روئے وصف و حکم و حال کے توحید تھی شریعت پر ظاہراً اور باطناً ثبات اور قیام تھا۔ اغیار سے آپ کا قلب فارغ تھا۔ آپ اللہ جل شانہ، کے ساتھ ایسے اسرار تھے جسمیں کوئی شریک نہ تھا۔ ملک اعظم اور کنز اکبر آپ کے زیر قدم رکھا گیا۔ آپ ایسے ہیں کہ جو اپنے رب کی طرف فایق ہوئے ہیں اور آپ جمیع اہل طریق سے شدت و لزوم میں قوی ہیں۔

مشائخ نے بیان کیا ہے کہ آں حضرت رضی اللہ عنہ، نے فرمایا ایک روز میرے نفس نے تنگی کی طالب راحت و فرحت ہوا۔ مجھے کہا گیا کہ تو کیا چاہتا ہے۔ میں نے کہا ارادہ کرتا ہوں کہ مجھ سے ایسی موت آئے جسمیں حیات نہ ہو۔ اور ایسی حیات ہو جس میں موت نہ ہو۔ وہ موت جسمیں حیات نہ ہوا اور وہ حیات جسمیں موت نہ ہو کیا چیز ہے۔ میں نے کہا جس موت میں حیات نہیں۔ وہ میرا امرنا ہے کہ جسمیں ضرر اور نفع اپنی جنس مخلوق کا نہ دیکھوں۔ اپنے نفس و خواہش اور دنیا اور آخرت میں مجھ سے ایسی موت ہو کہ ان سب میں پھر مجھے حیات نہ ہو لیکن حیات جسمیں موت نہ ہو وہ یہ ہے کہ فعل ربّ جل شانہ، کے ساتھ میرے وجود کا ہونا موت ہو۔ آں حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ، کا حال اللہ جل شانہ کے ساتھ ترک اختیار اور سلب ارادہ تھا۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا نام مبارک عبدالقادر ہے۔ کنیت ابو محمد۔ لقب محی الدین ہے۔ اکثر مشائخ نے روایت کی ہے کہ آں حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ، سے مشائخ نے دریافت کیا کہ آپ کا اسم مبارک محی الدین کیوں ہوا۔ فرمایا کہ ایک زمانے میں میں سیاحت کر کے بغداد کو جمعہ کے دن پابرہنہ آیا تھا۔ میرا گزر ایک بیمار متغیر اللون کمزور پر ہوا۔ اس شخص نے مجھ سے کہا اسلام وعلیک یا عبدالقادر۔ میاں نے سلام کا جواب دیا۔ اس نے کہا کہ آپ میرے قریب تشریف لائیں۔ میں اسکے۔ قریب گیا اس نے کہا مجھے بٹھاو۔ میں نے اس کو بٹھا دیا۔ اس کا رنگ و رونق و صورت بہت اچھی ہوگئی۔ تندرست ہوگیا۔ مجھے کہا کہ آپ مجھ کو جانتے ہیں۔ میں نے کہا نہیں اس نے کہا میں آپ کے جد امجد کا دین ہوں۔ میرا یہ حال ہوگیا تھا۔ اللہ تعالےٰ جل شانہ، نے آپ کے سبب سے مجھے زندہ کیا۔ آپ محی الدین ہیں۔ میں وہاں سے جامع

مسجد کی طرف چلا۔ راہ میں ایک شخص نے مجھ سے کہا یا سید محی الدین میں نے نماز جمعہ ادا کی اس وقت تمامی اشخاص جلدی جلدی میرے ہاتھ کو بوسہ دیتے تھے۔ اور کہتے تھے یا محی الدین۔ اس سے قبل مجھے محی الدین کوئی نہیں کہتا تھا۔ آن حضرت رضی اللہ عنہ کا نسب نامہ یہ ہے، محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی ابن ابی صالح موسی جنگی دوست بن ابی عبداللہ عبداللہ عبد الکریم بن یحیی الزاہد بن محمد بن محمد بن داود بن موسیٰ بن عبد اللہ بن موسی الجون بن عبداللہ محوض بن حسن مثنیٰ بن ابی محمد امام حسن مجتبیٰ بن امیر المومنین حضرت علی مرتظی، رضی اللہ تعالے عنھم حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالے عنہ کی والدہ ام الخیر امتہ الجبار فاطمہ ہیں۔ آپ کے والد ابو عبد اللہ صومعی اولاد سے امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن بن امام زین العابدین بن امام حسین شہید کربلا رضی اللہ تعالے عنھم کے ہیں، حضرت محبوب سحبانی رضی اللہ تعالے عنہ، کے نانا ابو عبد اللہ مشائخوں میں بڑے بزرگ اور زاہد اور صاحب کرامات جلیلہ تھے۔ اور آپ کی والدہ ماجدہ امتہ الجبار فاطمہ خیر وصلاح میں مظبوط تھیں۔

حلیہ شریف کا بیان:- حضرت محبوب سبحانی اللہ عنہ، خوب صورت، نازک بدن، میانہ قد تھے۔ آپ کا سینہ کشادہ، ڈاڑھی ابنوہ اور گھنی تھی۔ گندم رنگ، بھویں باریک، جٹی ہوئیں۔ آواز بلند تھی۔ آن حضرت رضی اللہ عنہ نے بغداد تشریف لاکر پہلے قرآن شریف مع تجوید حفظ کیا۔ علم فقہ واصول ومنقول وغیرہ ابو الوفاء علی بن عقیل حنبلی اور ابو الخطاب محفوظ بن احمد حنبلی اور شیخ ابو سعید مبارک مخزی حنبلی رحمتہ اللہ علیھم سے حاصل کیا۔ علم وادب ابوذکریا یحیٰی بن علی تبریزی رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل کیا۔ اور حدیثیں ایک جماعت محدثین سے سنیں۔ اور آپ جمیع فنون میں کامل ہوئے۔ اللہ تعالے نے آپ کو خلق پر ظاہر فرمایا۔ اور مرتبہ قطبیت کبریٰ وولایت عظمی اسے مخصوص کیا۔ اور اکابر، فقہاو اولیاء وعلماو غیر ھم کو آپ سے مستفیض فرمایا۔ اور آپ کا آوازۂ جلال وصیت کمال زمین سے آسمان تک پہونچایا۔ آپ کا مذہب حنبلی تھا۔ لیکن چاروں مذاہب کے فتوے دیتے تھے۔ لوگ آپ کا حکم بجالانے میں بہت جلدی کرتے تھے۔ آپ باوجود جلالت قدر اور علو منزلت اور وسعت علم کے چھوٹوں کے لئے کھڑے ہوتے اور بڑوں کی توقیر کرتے اور سلام میں سبقت کرتے اور ضعیفوں کے ساتھ بیٹھتے۔

اور فقیروں کے لئے فروتنی کرتے۔ آپ بہت خوش اخلاق پاک اوصاف تھے۔ آپ وعدہ وفا کرنے والے اور دوستی نبھانے والے تھے۔ آپ کا نفس بھوکا تھا اور ہاتھ سخی تھا۔ آپ ہر رات سفرہ بچھاکر مہمانوں کے ساتھ کھانا کھاتے تھے۔ کوئی آپ کے پاس زر لاتا تو آپ اس کو ہاتھ نہیں لگاتے کہتے مصلےّ کے نیچے اس کو رکھ دو۔ جب آپ کا خادم حاضر ہوتا اس کو کہتے مصلے کے نیچے جو رکھا ہے اس کو لیکر نان بائی کو دے اور روٹی خریدے۔ وہ طبق بھر روٹی لیکر حضرت کے دروازہ پر کھڑے رہتے اور فقراء کو دیتے۔ آپ کی ذات کے لئے کسی پر غصہ نہیں کرتے تھے اور کسی سے بدلہ نہیں لیتے تھے۔ لوگوں کی تقصیریں معاف فرماتے آپ اللہ تعالے سے بہت ڈرتے تھے۔ مواعظ قطب ربانی غوث صمدانی فروغ جامع نورانی محبوب سبحانی شیخ محی الدین جیلانی حضرت سید عبد القادر الحسنی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالے عنہ،۔ آنحضرت رضی اللہ تعالے عنہ، خانقاہ میں فرمایا قضاوقدر کے نزول کے وقت جن کو اللہ سبحانہ، تعالے نے روز ازل میں مقرر کردیا ہے۔ حق عزوجل پہپر اعتراض کرنا دین کی موت ہے۔ توحید کی موت ہے، توکل اور اخلاص کی موت ہے۔ یعنی دین اور توحید اور توکل اور اخلاص کو کھو دینا ہے۔ جو مومن ہے وہ چون وچرا نہیں جانتا بلکہ تقدیرات الٰہی کے نزول کے وقت کہتا ہے ہاں۔ یعنی تسلیم اختیار کرتا ہے۔ نفس بالکل خلاف کرنے والا اور جنگ کرنیوالا ہے۔ جسے اسکی اصلاح منظور ہو چاہیئے کہ اس سے جنگ کرے۔ یعنی اسکی مخالفت کرے یہاں تک کا اسکا شر زائل ہوجائے۔ نفس بالکل شیر بس ہے۔ جب اُس سے جنگ کی جائے اور وہ بسبب جنگ کے اطمینان حاصل کرلیوے تو بالکل خیر محض ہوجاتا ہے اور کل عبادتوں کے ادا کرنے میں موافقت کرتا ہے۔ اور چھوڑ دین (یعنی صرف دین کے سوائے) میں تمام گناہوں کے موافقت کرتا ہے۔ پس اس وقت اس کو کہا جاتا ہے کہ نفس مطمئنہ یعنی اے قرار پکڑنے والے نفس اس کا توکل صحیح ہوجاتا ہے۔ اور اس کا شک زائیل مخلوقات میں سے کسی کے ساتھ تعلق ضرر سے نہیں رکھتا۔ مشابہت پیدا کرنے سے ہمارے باپ ابراھیم علیہ السلام کے ساتھ اس لئے کہ ابراھیم علیہ السلام نے اپنے نفس کو ترک کردیا تھا۔ اور آپ کی روح مولا کے نزدیک باقی رہی۔ اور آپ کا دل قرار پکڑنیوالا تھا۔ اور آپ کے نزدیک مخلوقات کی ہر ایک جنس حاضر ہوئی۔ اور آپ کی مدد کے لئے اپنے نفسونکو پیش کیا۔ آپ فرماتے

تھے کہ میں تمہاری مدد نہیں چاہتا ۔ اللہ تعالےٰ کا میرے حال کو جاننا مجھے سوال سے بے پرواکرتا ہے ۔ اور توکل میں آپ راست نکلے تو آتش کو حکم ہوا کہ ابراھیم کے لئے ٹھنڈی اور سلامت ہوجا ۔ صابر کے لئے خدائے عزوجل کی مدد دنیا میں بے حساب ہے اور وہ اسکو آخرت میں بے شمار عطا کرتا ہے خدائے عزوجل نے فرمایا صبر کرنیوالوں کو بے حساب اجر دیاجائیگا ۔ اللہ تعالےٰ سے وہ بالکل پوشیدہ نہیں رہتا جو صبر کرنے والے اس کے لئے ۔ برداشت کرتے ہیں ۔ اللہ تعالےٰ کے ساتھ صبر کرو ایک ساعت اور تحقیق کہ تم نے سالہاسال اسکے لطف وانعام کو دیکھا ہے شجاعت ایک ساعت کا صبر ہے ۔ تحقیق کہ اللہ تعالےٰ مدد اور فتح سے صابروں کے ساتھ ہے ۔ اسکے ساتھ صبر کرو ۔ اور اس کے لئے ہوشیار بنو اور اس سے غفلت نہ کرو ۔ نہوئے ہوشیاری تمہاری بعد موت کے کیوں کہ اسوقت وہ تم کو نفع نہ دیگی ۔ اللہ تعالےٰ سے ملنے کے پیشتر ہوشیار بنو ۔ ہوشیار ہوجاو اس سے پہلے کہ تم بغیر اپنے طلب کے ہوشیار کئے جاوگے ۔ تم اس وقت شرمندہ ہووگے کہ جس وقت کہ شرمندگے تم کو نفع نہ دیگی ۔ اپنے دلوں کی اصلاح کرو کیوں کہ وہ جب درست ہوجاتے ہیں ۔ تمام حالات درست ہوجاتے ہیں ۔ اسی لئے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے فرمایا ابن آدم میں اک گوشت کا ٹکڑا ہے ۔ جب وہ درست ہوجاتا ہے ۔ تو اسکا سارا جسم درست ہوجاتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتا ہے تو اس کا تمام جسم بگڑ جاتا ہے ۔ آگاہ رہو کہ وہ دل ہے ۔ دل کی اصلاح ۔ تقویٰ اور اللہ عزوجل پر توکل کرنے اور اسکی توحید اور عملوں میں اخلاص کو کام میں لانے میں ہے ۔ اور اس کا فساد ان کے نہ ہونے سے ہے ۔ دل پرندہ ہے ۔ قالب کے پنجرہ میں جیسے موتی ڈبیہ میں اور مال خزانہ میں اور پرندہ معتبر ہے نہ کہ پنجرہ ، موتی ہے نہ کہ ڈبیہ مال ہے نہ کہ وہ گھر جس مین مال ہے ۔

(اے) ای قوم تم اللہ عزوجل کے بن جاو جیسے کہ نیک لوگ اس کے بنے تاکہ وہ بھی تمہارے لئے ویسا ہی ہوجائے جس طرح ان کے لئے تھا ۔ اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالےٰ تمہارا بن جائے تو تم مشغول ہوجاو اس کی عبادرت میں اور اسکے ساتھ صبر کرنے میں اور خوشنودی ظاہر کرنے میں اسکے افعال میں جو تمہارے غیر کے ساتھ ہوتے ہیں ۔ گروہ خود دنیا میں زہد کیا اور اس دنیا سے اپنا نصیبہ تقویٰ اور پرہیزگاری کے ہاتھ لے لیا ۔ اور پھر آخرت کو طلب کیا ۔ اور آخرت کے عمل کئے اور اپنے نفسونکی نافرمانی کی اور اپنے پروردگار عزوجل کی اطاعت کی پہلے اپنے نفسوں کو نصیحت

کی پھر غیر کے نفس کو ، اے لڑکے اول اپنے نفس کو نصیحت کر پھر غیر کے نفس کو خاص اپنے نفس کو درست کر ۔ دوسروں کی طرف نہ بڑھ ۔ تیرے پاس ابھی کچھ باقی ہے جس کی اصلاح تجھے ضرور ہے افسوس تو خود ڈوبتا ہے ۔ دوسروں کو کس طرح بچائیگا ۔ تو خود اندھا ہے ۔ غیر کو کسطرح سے کھینچیگا یعنی راہ بتائیگا ۔ تحقیق کہ لوگوں کو آنکھوں والا ہی کھینچ سکتا ہے ۔ یعنی راستہ پر چلا سکتا ہے ۔ ور ان کو دریا سے اچھا تیراک ہی بچاسکتا ہے ۔ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف وہی لے جاسکتا ہے جس نے اُسے پہچانا اور وہ جو اس کو نہیں پہچانتا ہے ۔ کس طرح اس کی طرف رہنمائی کرسکتا ہے ۔ اور آپنے فرمایا اے لڑکے تیرا غصہ کھانا اور پہنا اور لباس اور نکاح اور گھر اور مال کا ہونا چاہیئے ۔ یہ سب نفس وطبع کے ارادے ہیں ۔ دل اور باطن کا ارادہ کہاں ہے ۔ وہ حق عزوجل کی طلب ہے ۔ تیرا مقصد وہ ہے جو تجھے رنج میں ڈالے ۔ پس چاہیئے کہ تیرا مقصود رب عزوجل اور جو اس کے پاس ہے ۔ وہ ہو ۔ دنیا کا عوض آخرت ہے ۔ اور خلق کا عوض خالق عزوجل ہے ۔ جس قدر تو اس دنیا کو چھوڑیگا ۔ اس کا عوض بلکہ اس سے بہتر آخرت میں ملیگا ۔ فرض کر کہ تیری عمر آج ہی کا ۔ دن باقی رہ گیا ہے ۔ آخرت کے لئے تیاری کر اور ملک الموت کے آنے کا نشانہ بن اور آپ نے فرمایا "اے چھوٹے تو نعمت میں اللہ عزوجل سے محبت رکھتا ہے ۔ اور جب بلا آتی ہے تو ایسا بھاگتا ہے کہ گویا اللہ عزوجل تیرا محبوب نہیں ۔ بندہ آزمائش کے وقت ہی پہچانا جاتا ہے ۔ جب اللہ عزوجل کی طرف سے مصیبتیں پڑیں اور تو ثابت رہے تو محب ہے اور اگر بدل جائے تو جھوٹ کھل جائیگا ۔ پہلے کا کیا ہوا برباد ہوجائے گا ۔

ایک شخص نے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سلم کے حضور میں حاضر ہوکر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وصلم میں آپ سے محبت رکھتا ہوں ۔ فرمایا کہ فقر کے لئے چادر بنا ۔ اور ایک شخص حضور بنوی میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں اللہ عزوجل سے محبت رکھتا ہوں ۔ فرمایا کہ بلا کے لئے چادر بنا ۔ اللہ اور اس کے رسول کی محبت فقر اور بلا سے ملی جلی ہوتی ہے ۔

آں حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے مدرسہ مین فرمایا تیرا مغرور ہونا اللہ تعالےٰ پر یعنی اسکی کرم وعفو پر تجھے اس سے دور اور غائب کردیگا ۔ غرور سے باز آ اس کے پہلے کہ تو پیٹا جائے

اور اہانت کیاجائے ۔ اور تجھ پر بلائوں کے سانپ اور بچھوٗ مسلط کئے جائیں ۔ تونے بلا کا مزہ نہیں چکھا ۔ اس واسطے دھوکے میں غرور کرتا ہے ۔ خوش حال نہ ہو نہ ان تمام چیزوں سے کہ جن میں تو ہے ۔ یہ جلدی زائیل ہوجائینگے ۔ جو اللہ تعالےٰ کی پاس ہے وہ صبر ہی سے حاصل ہوتا ہے ۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے صبر کرواسطے تاکید فرمائی ۔ فقر اور صبر جمع نہیں ہوتے ۔ مگر مومن کے حق میں محب مبتلا کئے جاتے ہیں ۔ پس صبر کرتے ہیں اور باوجود بلا کے نیکیوں کے کرنے کا ان کو الہام ہوتا ہے ۔ اور جو کچھ اللہ تعالےٰ کی طرف سے وقت بوقت ان پر آتا ہے اسپر صبر کرتے ہیں اور آپ نے فرمایا! اے لڑکے تو دنیا میں ہمیشہ رہنے اور اسمیں فائدہ حاصل کرنے کے واسطے نہیں پیدا ہوا ۔ تغیر کر اس چیز کو جس میں تو ہے ۔ سختیوں سے حق عزوجل کے ۔ تونے حق عزوجل کی عبادت میں فقط لا الہ اللہ محمد رسول اللہ کہنے پر قناعت کی ہے ۔ یہ تجھے نفع نہ دیگا ۔ یہاں تک کہ اس اطاعت کے ساتھ اور کچھ چیز ملاوے ۔ ایمان قول اور عمل ہے ۔ وہ تجھ سے قبول نہ کیاجائیگا ۔ اور نہ تجھے نفع دیگا جب کہ تو گناہوں اور قصوروں اور مخالف حق کو اختیار کرے ۔ اور اس پر اسرار کرے ۔ اور نماز وروزہ اور زکواتہ وحج اور صدقہ اور نیکی کے کاموں کو چھوڑدے پھر ۔ شہادیتں تجھے کیا نفع دینگے ۔ جب تونے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہا ۔ تو مدعی ہوا ۔ تو پوچھا جائیگا اے کلمہ کہنے والے کیا تجھے گواہ بھی ہیں ۔ گواہ کون ۔ حکم کی فرمانبرداری اور منع سے باز رہنا اور آفات پر صبر کرنا ۔ اور قدر کی تسلیم کرنا ۔ یعنی اپنے کو حکم الٰہی کی طرف سوپنا ۔ یہ اس دعوے کے گواہ ہیں اور جب تو یہ اعمال کرے تو بے اخلاص مقبول نہیں ۔ اور نہیں قبول ہوتا ہے قول بغیر عمل کے اور عمل بغیر اخلاص اور بغیر راستی گواہوں کے اور اپنے مالوں سے کسی قدر فقیروں کو مدد کرو جب تم سائل کو کچھ دے سکتے ہو خواہ تھوڑا ہو یا بہت تو کسی سائل کو خالی نہ پھیرو ۔ عطا کی محبت میں حق عزوجل کی موافقت کرو ۔ اور اس کا شکر بجالاو کہ اس نے تمہیں کس طرح عطا کے لائق اور اس پر قادر بنایا ۔ تجھ پر افسوس ہے جبکہ سائل ہدیتہ اللہ عزوجل کا ہے ۔ اور تجھے اسکو دینے کی قدرت ہے تو ہدیہ کو ہدیہ پہونچنے والے پر کیوں پھیرتا ہے ۔ مجھ سے تو سنتا اور روتا ہے ۔ اور جب فقیر آجائے تو تیرا دل سخت ہوجاتا ہے ۔ پس معلوم ہوا کہ تیرا سننا اور رونا اللہ عزوجل کے لئے خالص نہ تھا ۔ اے لڑکے روزی کو پرہیزگاری کے ہاتھ سے لے نہ رغبت کے ہاتھ سے ۔ وہ

جو کھاتا ہے اور روتا ہے اسکے مانند نہیں جو کھاتا ہے اور ہنستا ہے ۔ دل کو حق عزوجل کے سپرد کرکے روزی کھا ۔ پس تو اسکے شر سے بچا رہیگا ۔ جب کہ طبیب کے ہاتھ سے کھائے اس چیز کو جسکا اصل نہیں جانتا ۔ اس سے بہتر ہوگا کہ اکیلا کھائے ۔ کسی چیز نے تمہارے دلوں کو سخت کیا ہے ۔ امانت تم میں سے چلے گئی ۔ رحمت درمیان تمہارے سے اُٹھ گئی ۔ احکام شرع کے تمہارے پاس امانت ہیں ۔ اور تم نے ان کو چھوڑدیا ۔ اور ان میں خیانت کی تجھ پر افسوس ہے ۔ اگر تو امانت کو لازم نہ پکڑیگا تو جلد ہی تیرے آنکھوں تک پانی آجائیگا اور تیرے ہاتھ ، پاوں خشک ہوجائینگے اور حق عزوجل اپنی رحمت کا دروازہ تجھ سے بند کرلیگا ۔ اور اپنے مخلوق کے دل تجھ پر سخت کریگا ۔ اور ان کو تجھ پر عطا کرنے سے روک ڈالیگا ۔ نگاہ رکھو اپنے سروں کو خدا کے ساتھ ۔ اس سے ڈرو اسکی گرفت خوفناک اور سخت ہے ۔ تمکو پکڑیگا ۔ تمہاری آرام گاہ سے اور عافیت سے بسبب تمہاری خود پسندی کے اور غفلت کے ۔ اس سے ڈرو وہ آسمان وزمین کا مالک ہے ۔ اسکی نعمتوں کی محافظت کرو ۔ شکریہ سے اسکے امرونواہوی کو سننے اور اطاعت کرنے سے مقابلہ کرو ۔ اور سختی کو صبر سے آسانی کو شکر سے مقابلہ کرو ۔ جو تمہارے پہلے اَنبیئا اور مرسلین گزرے وہ اسی طرح تھے اور صالحین نعمتوں پر شکر کرتے تھے ۔ اور بلاوں پر صبر کرتے تھے ۔ اسکے گناہوں کے دستر خوان سے اُٹھو اور اس کے طاعتوں کے دستر خواں سے کھائو اور اس کی اطاعت اپنے پر لازم کرو ۔ اس کے حدود کی نگاہ رکھو ۔ جب تمکو آسانی آئے تو اسکا شکر بجالاو اور جب تنگی ہو گناہوں سے توبہ کرو اور اپنے نفسوں سے مُناقشہ کرو تحقیق کہ حق عزوجل بندوں کے لئے ظالم نہیں ۔ یاد کرو موت کو اور جو کچھ کہ اس کے بعد ہے اور یاد کرو پروردگار عزوجل کو اس کے حساب کو اور تمہاری طرف اسکے دیکھنے کو ۔ ہوشیار ہوجاو یہ خواب غفلت کب تک ۔ یہ جہالت اور باطل میں تردّد اور نفس وہوا اور عادت کی ۔ استادگی کب تک ۔ تم حق عزوجل کی عبادت اور اسکی شرح کی متابعت سے مودّب کیوں نہیں ہوتے ، عبادت عادت کا چھوڑ دینا ہے ۔ قرآن شریف اور حدیث شریف کے آداب سے مودّب کیوں نہیں ہوتے ۔ اے لڑکے اندھے بن اور غفلت اور نیند کے ساتھ لوگوں سے ملاپ نہ کر بلکہ بینائی اور علم اور بیداری سے مل پس جب تو انہوں سے ایسی چیز دیکھے ۔ جسے تو اچھا سمجھتا ہے تو اس کی پیروی کر اور جب ان سے ایسی چیز دیکھے جسے تو برا جانتا ہے تو اس سے

پرہیز کر اور باز رکھ اس سے ان کو ۔ تم حق سبحانہ ، تعالےٰ سے پوری غفلت میں ہو تمھیں اس کے لئے بیدار ہونا ضرلری ہے ۔ تم لازم پکڑو ۔ مسجدون کو اور سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ پر زیادہ درود شریف پڑھنے کو ۔ آں حضرت رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ نے مدرسہ معمورہ میں فرمایا ۔ اے فقیر دولت کی تمنّا نہ کر ۔ شایدہ کہ وہ تیری ہلاکت کا باعث ہو اور اے مریض تو عافیت کی تمنانہ کر شاید کہ وہ تیری ہلاکت کا سبب ہو ۔ اللّٰہ عزوّجل اور اس کے مخلوق پر اپنی جوانی اور قوت اور مال سے تکبرّ نہ کر اس لئے کہ وہ تجھے گرفت کریگا ۔ اور پکڑیگا ۔ جیسا اوروں کو پکڑا ۔ اس کی گرفت دردناک اور سخت ہے ۔ تجھ پر افسوس ہے تیری زبان مسلمان ہے مگر دل نہیں ۔ قول تیرا مسلمان ہے مگر فعل نہیں ۔ تو ظاہر میں مسلمان ہے مگر باطن میں نہیں ۔ کیا تو تجھے معلوم نہیں کہ جب تو نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور سارے نیکی کے کام کرے ۔ اگر ان اعمال سے مقصد اصلی اللّٰہ عزوّجل نہ ہو تو منافق ہے اور اللّٰہ عزوجل سے بعید ہے ۔ اب اللّٰہ عزوجل کے طرف تو اپنے تمام افعال اور اقوال اور خسیس مقاصد سے توبہ کرے ۔ وہ لوگ جن کے اعمال میں دورنگی نہیں ہے وہی کامیاب ہیں ۔ وہی اہل یقین ہیں ۔ وہی موّحد ہیں وہی مخلّص ہیں ۔ وہی اللّٰہ تعالےٰ کی بلا اور آفات پر صبر کرنے والے ہیں ۔ اور اس کی نعمتوں اور بخششوں پر شکر بجالانے والے ہیں ۔ پہلے اس کا ذکر اپنی زبانوں سے کرتے ہیں ۔ پھر دلوں سے پھر اسرار سے ۔ جب مخلوقات سے ان کو اذیتین پہونچتی ہیں تو ان کے چہرے ہنستے ہیں ۔ دنیا کے بادشاہاں ۔ ان کے نزدیک معزول ہیں تمام لوگ جو زمین پر رہتے ہیں ان کے نزدیک مردَے ، عاجز ، بیمار ، فقیر ہیں ۔ جنت ان کے پاس ویرانہ ہے ۔ دوزخ ان کے نزدیک بُجھا ہوا ہے ۔ اور آپ نے فرمایا اے قوم ہوس نہ کرو تم اہل ہوس ہو ۔ یہ علم بغیر عمل کے تمہیں نفع نہ دیگا تمہیں ضرور ہے کہ عمل کرو اس سیاہی پر جو سفیدی پر ہے ۔ وہ اللّٰہ تعالیٰ کا حکم ہے روز بروز سال بہ سال اسپر عمل کرو ۔ تاکہ تمھارے ہاتھوں میں اس کا ثمرہ آجائے ۔ اے لڑکے تیرا علم تجھے ندا کرتا ہے کہ تجھ پر حجّت ہوں اگر تو مجھ پر عمل نہ کرے ۔ اور تیرے لئے حجت ہوں اگر تو عمل کرے سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علم عمل کو ندا کرتا ہے اگر وہ اسکا جواب دے تو بہتر ، نہیں تو کوچ کر جاتا ہے اس کی برکت چلی جاتی ہے ۔ اور حجّت باقی رہتی ہے اس کی شفاعت تیرے لئے اپنے مولا سے چلی

جاتی ہے اور تیرے پاس تیرے حاجتوں میں اسکا آنا منقطع ہوجاتا ہے ۔ اس کے مغز نے کوچ کیا چھلکارہ گیا ۔ اس لئے کہ علم کا مغز عمل ہے ۔ سندنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم سے تیری متابعت ٹھیک نہ ہوگی ۔ یہاں تک کہ تو آپ کے کہنے پر عمل کرے اور آپ نے فرمایا اے لڑکے جس نے صبر کیا قادر بنا ۔ اللّٰہ عزوّجل نے فرمایا ۔ انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب ۔ تحقیق صابر لوگ بے حساب اجر پائینگے ۔ اپنے کسب سے کھانہ کھاکہ اپنے دین سے ۔ کسب کر اور کھا اور اس سے غیر کی مدد کر ۔ مومنوں کی کمائی صدیقوں کا طبق ہے ان کے کسبوں میں سوائے فقراء اور مساکین کے کسی کا حصّہ نہیں ۔ خلق پر راحت پہونچانے کی تمنا کرتے ہیں اور اس سے حق عزوّجل کی خوشنودی اور اس کی مجبت اپنے لئے طلب کرتے ہیں ۔ انہوں نے سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا یہ قول سنا ہے کہ لوگ اللّٰہ عزوّجل کے عیال ہیں اور اللّٰہ تعالےٰ کے پاس سب سے زیادہ دوست اس کے عیال کو زیادہ نفع پہونچانے والے ہیں ۔ اللّٰہ کے دوست خلق کے پاس بہرے گونگے اور اندھے ہیں ۔ جب ان کے دل حق عزوّجل کے قریب ہوجاتے ہیں ۔ تو اس کے غیر کی نہیں سنتے اور اس کے غیر کو نہیں دیکھتے ۔ اپنے دل کو دنیا کے غموں سے فارغ کر کیونکہ تو ان سے عنقریب پکڑا جائیگا ۔ دنیا میں بہتری عیش کی نہ مانگ وہ تیرے ہاتھ نہ آئیگی ۔ اور آپ نے فرمایا اے لڑکے خالق کا شکوہ خلق کے پاس نہ کر بلکہ اس کی طرف شکایت لیجا وہی مقدر کرتا ہے نہ اس کا غیر ۔ مصائب اور امراض اور صدقہ کا چھپانا نیکی کے خزانوں سے ہے ۔ داہنے ہاتھ سے صدقہ دے اور کوشس کر کے بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو ۔ قناعت کر ۔ قناعت ایسا خزانہ ہے جو کم نہ ہوگا ۔ تو کیوں طلب کرتا ہے اس چیز کو جو تیری قسمت میں نہیں اور نہ وہ کبھی تیرے ہاتھ میں آئے ۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ نے ۵۷۵ء ہجری اتوار کے دن دسویں ماہ شوال کو خانقاہ میں صبح کے وقت فرمایا کہ سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس کے لئے نیکی کا دروازہ کھولا گیا اسے چاہیئے کہ اس کو غنیمت سمجھے کہ اسے معلوم نہیں کہ اپنے سے کب بند کیا جائیگا ۔ اے قوم حیات کے دروازے کو جب تک کھلا ہے ۔ غنیمت جانو عنقریب وہ تم سے بند کیا جائیگا ۔ غنیمت سمجھو نیکی کے کاموں کو جب تک تم اس پر قادر رہو ۔ غنیمت جانو توبہ کے دروازے کو اور اس میں داخل ہوجاو ۔ جب تک کہ وہ تمہارے لئے کھلا رہے ۔ غنیمت سمجھو دعا

کے دروازے کو جب تک کہ وہ تمھارے واسطے کھلا رہے ۔ غنیمت جانو اپنے نیک بھائیوں کے ملاقات کے دروازے کو جب تک کہ وہ تمھارے واسطے کھلا رہے ۔ اے لڑکے شریروں کی صحبت تجھ کو اچھوں پر بد ظنی میں ڈالیگی ۔ اللّٰہ عزوّجل کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت کے سایہ کے نیچے چل تو فلاح پایئگا ۔ اے قوم اللّٰہ عزوجل سے شرم کر جیساکہ حق حیا کا ہے ۔ تم عقل نہیں رکھتے ہیں زمانہ تمھارا اصائع ہوتا ہے ۔ تم اس چیز کے جمع کرنے میں مشغول ہو جس کو تم نہ کھاوگے ۔ اور اس چیز کی امیدواری میں ہیں جس کو تم حاصل نہ کروگے ۔ اور اس چیز کی بنا میں مشغول ہیں جس میں تم سکونت نہ کروگے ۔ یہ تمام چیزیں ۔ تمھارے خدائے عزوجّل کے مقام سے تم کو پردہ ہونگے ۔ اللّٰہ تعالے کا ذکر عارفوں کے دلوں میں دائرہ لگاتا ہے اور ان کو گھیر لیتا ہے اور بھلا دیتا ہے ۔ ذکر سے ہر مذکور کے جب یہ تمام حاصل ہوجائے تو بہشت اس کا ٹھکانہ ہے ۔

آپ نے منگل کے دن مدرسے میں فرمایا ۔ ریاکار کا کپڑا استھرا اور دل نجس ہے ۔ مباح چیزوں میں رغبت کرتا ہے اور کسب کرنے سے سستی کرتا ہے ۔ اور اپنی دین سے کھاتا ہے ۔ اور بالکل پرہیزگاری نہیں کرتا ۔ حرام صریح کھاتا ہے ۔ اس کا حال عوام سے پوشیدہ رہتا ہے ۔ خواص سے نہیں ۔ اس کا تمام زہد اور اطاعت ظاہری ہے ۔ اس کا ظاہر آباد اور باطن ویران ہے ۔

آپ نے اتوار کے دن فرمایاکہ سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں ۔ میں اور میری اُمت کے پرہیزگار تکلّف سے برّی ہیں ۔ جو کہ متقی ہے وہ حق عزوّجل کی عبادت میں تکلف نہیں کرتا کیوں کہ عبادت اس کی طبیعت بن جاتی ہے ۔ پس وہ اللّٰہ کی عبادت ظاہر و باطن سے بلا تکلف کرتا ہے ۔ لیکن منافق اپنے ہر حال میں وہ تکلف کرتا ہے ۔ خصوصاً حق عزوّجل کی عبادت میں ظاہراً عبادت تکلف سے کرتا ہے ۔ اور باطن میں عبادت ترک کرتا ہے ۔ وہ متقیوں کے طریقہ میں داخل نہیں ہوسکتا ۔ اور آپ نے فرمایا تجھ پر افسوس قرآن حفظ کرتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا ۔ سیدنا رسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کی ۔ حدیث زبانی یاد کرتا ہے ۔ اور اس پر عمل نہیں کرتاہ پھر تو کیا کرتا ہے ۔ تو لوگوں کو حکم کرتا ہے اور خود عمل نہیں کرتا ۔ اور ان کو منع کرتا ہے ۔ اور خود باز نہیں رہتا ۔ اللّٰہ عزوجل نے فرمایا ہے کہ اللّٰہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے کہ تم کہو

وہ بات جو خود نہیں کرتے ۔ اے لڑکے تیرا طریقہ خاموشی اور لباس گمنامی ، اور تیرا تمابم مقصود خلقت سے نفرت ہونا چاہیئے ۔ اور اگر تجھے طاقت ہوکہ زمین مین سرنگ کھود کر سوراخ نکالے اور اسمیں چھپے تو ایسا کر تیرا یہی طریقہ ہو یہاں تک کہ تیرا ایمان خوب مضوبوط تیرا یقین کا قدم قوی اور تیرے صدق کا بازو پردار ۔ اور تیرے دل کی ۔ آنکھیں کھل جایئں ۔ پھر تیرے گھر کی زمین بلند ہو اور تو اللّٰہ تعالےٰ کے علم کی طرف پرواز کرگیا تو مشرق اور مغرب ، خشکی ، تری اور ہموار زمین اور پہاڑوں کا طواف کریگا ۔ آسمانوں اور زمین کو طے کریگا ۔ اور دلیل رہبر ورفیق کے ساتھ ہوگا ۔ پلس اسوقت کلام شروع کردے ۔ اور گمنای کا لباس اترواڈال اور خلق سے بھاگنا چھوڑدے اور اپنی سوراخ سے ان کی طرف نکل کیوں کہ تو ان کے لئے دوا اور آپ نے فرمایا اے لڑکے تو نے اپنے عمر علم کی کتابت اور اس کے بے عمل زبانی یاد کرنے میں ضایئع کردی ہے ۔ تجھے کیا نفع دے گا سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللّٰہ عزوجّل قیامت کے دن انبیئاء اور علما سے فریایئگا ۔ تم خلق کے نگہبان تھے ۔ تم نے اپنے رعیت میں کیا کہا اور بادشاہوں اور مالداروں سے پوچھیگا کہ تم میرے خزانوں کے خزانچی تھے کیا تم نے فقیروں پر خیرات کی اور یتیموں کی پرورش کی ۔ اور نکالا اس سے میرا وہ حق جو میں نے تم پر فرض کیا تھا ۔ اے قوم سیدنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کی نصیحتوں سے نصیحت پکڑو اور آپ کا قول قبول کرو اور فرمایا اے لڑکے خاموش رہو اللّٰہ کے ساتھ اس کے قدر وفعل کے نزول کے وقت تاکہ تو اس سے بہت سے الطاف دیکھے کیا تو نے جالینوس حکیم کے غلام کا حال نہیں سنا کہ وہ کس طرح عمداً گونگا ، بیوقوف ، اور خاموش بنا ۔ یہاں تک کہ حکیم کا تمام علم حفظ کرلیا ۔ اللّٰہ عزوجل کی حکمت تیرے بیہودہ بکنے اور اس سے لڑنے اور اس پر اعتراض کرنے کی حالت میں تیرے دل تک نہیں آیئگی ۔

اَنتسیوں ماہ شوال روز جمعہ ۵۴۵ء ہجری صبح کے وقت مدرسہ میں فریا اے قوم اللّٰہ عزوّجل کو پہچانو اور اس سے جاہل نہ بنو اور اس کی تابعداری کرو اور اس کی نافرمانی نہ کرو ۔ اور اس سے موافقت کرو اور اس کی مخالفت نہ کرو ۔ اور اس کی قصا پہ راضی رہو ۔ اور اس سے نہ جھگڑو ۔ حق عزوّجل کو اس کی صفت سے پہچانو ۔ وہی خالق رازق اول اور آخر اور ظاہر و باطن ہے ۔ وہی قدیم

ازلی، دایم ابدی ہے۔ جوچاہتاہے کرتاہے اس سے پوچھا نہیں جاتا اور خلق پوچھی جایئگی، وہی غنی۔ نبانیوالا۔ وہی فقیر کرنے والا، وہی نفع پہونچانیوالا۔ وہی ضرر پہونچانیوالا۔ اسی سے امید رکھی گئی ہے اسی سے ڈرو۔ اور اسکے غیر سے نہ ڈرو، اسی سے امید رکھو اس کے غیر سے امید نہ رکھو۔ اے عالمو، اے جاہلو، اے حاضرین، ای۔ غائبین اللہ عزوّجل سے حیا کرو اور اپنے دلوں سے اسکی طرف دیکھو۔ اس کے لئے ذلیل ہوجاو اس کی تقدیر کے گذر کے نیچے ہوجاو۔ اور اس کی نعمتوں پر شکر ادا کرنے کے ساتھ اس کو لازم پکڑو۔ اسکی اطاعت میں روشنی کو اندھیری سے ملاو۔ یعنی رات، دن عبادت کرتے رہو۔ جب یہ تم کو متحقق ہوجائے۔ تو اللہ عزوّجل کی طرفسے تمھیں بزرگی اور عزت اور بہشت دنیا وآخرت میں ملجایئگی۔ اے لڑکے کوشش کرتاکہ دنیا میں کوئ ایسی چیز نہ رہے جس کے ساتھ تجھے محبت ہو۔ جب یہ تجھ میں کامل ہوجایئگا۔ تو تُو ایک لحظ بھی نفس کے حوالے میں نہ چھوڑا۔ جایئگا۔ اگر تو بھولیگا یاد دلایا جایئگا۔ اور اگر غافل ہوگا تو۔ ہوشیار کیا جایئگا۔ تجھے اپنے غیر کے طرف دیکھنے نہ دیگا۔ جس نے اس کا ذائقہ لیا اس نے اللہ تبارک وتعالےٰ کو پہچان لیا۔ یہ جنس خلق سے بگانہ نہیں۔ خلق کے ساتھ رہنے کو پسند نہیں کرتے۔

اتوار کے دن دوسری ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری کو صبح کے وقت خانقاہ میں فرمایا اے لڑکے تیری ارادت حق عزوّجل کے لئے ٹھیک نہیں۔ اور نہ تو اس کو چاہنے والا ہے۔ کیونکہ جو حق عزوّجل کی ارادت کا دٔوی کرتا ہے۔ اور اس کے غیر کو طلب کرتا ہے۔ اس کا دعویٰ باطل ہے۔ دنیا کے چاہنے والوں میں کثرت ہے۔ اور آخرت کے چاہنے والونمیں کمی اور حق عزوّحل کے چاہنے والے اس کی ارادت میں سچے بالکل کم ہیں۔ وہ قبایٔل کے برگزیدہ وہ زمین کے کان اور اسپر بادشاہ ہیں۔ وہ شہروں اور بندوں کے کوتوال ہیں۔ انہیں کے طفیل سے خلق سے بلا دور ہوتی ہے۔ انہیں کے طفیل سے زمین اُگاتی ہے۔ ابتدائے حال میں ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ پر ایک شہر سے دوسرے شہر کو۔ ایک ویرانے سے دوسرے ویرانے کو بھاگتے ہیں جب کسی جگہ میں پہچانے جاتے ہیں تو اس سے نقل کرجاتے ہیں۔ سب کو پس پشت چھوڑ دیتے ہیں اور دنیا کی کنجیاں اہل دنیا کو دیتے ہیں۔ اور آپ نے فرمایا غیبت سے بچو کیونکہ وہ نیکیوں کو ایسا کھاجاتی ہے جیسے آگ، لکڑی کو، فلاح پایا ہوا شخص کبھی اس کا مرتکب نہیں ہوتا اور جو اس سے مشہور ہوا اس کی عزت

لوگوں کے پاس کم ہوجاتی ہے۔ اور شہوت کے ساتھ نظر کرنے سے بچو کیونکہ وہ تمھارے دلوں میں گناہ کا بیج بوتی ہے۔ اور اس کا انجام دنیا وآخرت مین اچھا نہیں اور جھوٹی قسم کھانے سے پرہیز کرو۔ کیونکہ وہ مُلک کو ویران کردیتی ہے۔ مال ودین کی برکت لیجاتی ہے۔ اے لڑکے تیرا اہانت کرنا اللہ عزوجّل کے دوستوں کی اللہ عزِوّجل کو تو کم پہچاننے کے باعث ہے تو کہتا ہے کہ یہ لوگ پوشیدہ رہتے ہیں۔ وہ کیوں ہمارے ساتھ زندگانی نہیں کرتے۔ کیوں ہمارے پاس نہیں بیٹھتے۔ تو یہ اپنے نفس کو نہ پہچانے سے کہتا ہے۔ جب تجھے اپنے نفس کی شناخت کم ہوئ تو لوگوں کے مرتبوں کی پہچان بھی کم ہوگی۔ دنیا ارو اس کے انجام کی تجھ کو جس قدر کم پہچانت رہیگی اسی قدر امر آخرت سے نادان رہیگا۔ اور جس قدر آخرت کو نہیں جایئگا اسی قدر حق عزوجل کو نہ پہنچایئگا۔ اے دنیا میں مشغول رہنے والے عنقریب دنیا اور آخرت میں تجھے نقصان اور شرمندگی حاصل ہوگی۔ قیامت کے دن تیری شرمندگی ظاہر ہوگی۔ وہ افسوس اور نصیحت اور شرمندگی اور نقصان کا دن ہے۔ آخرت کے آنے سے پہلے اپنے نفس سے حساب لے اور اللہ عزوّحل کے حِلم اور کرم سے جو تجھ پر ہے۔ مغرور نہ ہو تو گناھوں اور قصوروں اور لوگوں پر ظلم کرنے سے بہت ہی برے حال میں ہے۔ گناہ کفر کا قاصد ہے جیسے کہ تپ قاصد موت ہے، توبہ کو موت سے پہلے لازم پکڑ اس فرشتے کے آنے سے پہلے جو ارواح کے قبض کرنے پر موکل ہے اے لڑکے اکیا تو نے نہیں سنا فقیہ بن پھر گوشہ نشینی اختیار کر۔ ظاہری فقہ کا فقیہ بن پھر باطنی فقہ کی طرف آ۔ اس ظاہر پر عمل کرتاکہ تجھے اس کے نزدیک کردے۔ جس کو تو نہیں جاتنا۔ یہ ظاہری علم ظاہر کی روشنی اور باطنی علم باطن کی روشنی ہے۔ اور وہ تیرے اور تیرے رب عزوجل کے درمیان روشنی ہے۔ حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ، نے منگل کے دن، عشا کے وقت ماہ ذیقعدہ کی چوتھی۔ ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں فرمایا۔ اے لڑکے آخرت کو دنیا پر مقدم کر دونوں میں نفع پایئگا اور جب تو نے دنیا کو آخرت پر مقدم کیا دونوں میں نقصان اُٹھایئگا۔ مومن اپنی دنیا اور آخر کے واسطے عمل کرتا ہے۔ دنیا کے لئے اتنا عمل کرتا ہے کہ جتنی اسے ضرورت ہے قناعت کرتا توشہ وسوار کے مقدار دنیا سے زیادہ حاصل نہیں کرتا۔ جاہل کا کل ارادہ دنیا ہے اور عارف کا کل ارادہ آخرت اور مولیٰ ہے۔ جب تجھے ایک روٹی ملے اور تیرا نفس تجھ سے منازعت کرے اور خواہشات کو طلب کرے تو اس وقت اس

کی طرف نظر کر جو روٹی کے چھوٹے ٹکڑے پر قدرت نہیں رکھتا ہے۔ کیونکہ تجھے فلاح نہیں جب تک کہ تو اپنے نفس کو حق عزّوجل کی راہ میں مبغوض اور دشمن نہ جانے۔ اے لڑکے اس گناہ پر جو تجھ سے صادر ہوا اللّٰہ عزّوجل کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ بلکہ اپنے گناہ کے کپڑے کے نجاست توبہ کہ اور اس پر ثابت رہنے کی اور اسمیں اخلاص کرنے کے پانی سے دھو ڈال اور اس کپڑے کو معرفت کی خوشبو سے خوشبودار بنا۔ اور بخور دے اس منزل سے جس مین تو ہے۔ خوف کر جاہر تو التفات کرے۔ درندے تیرے اطراف ہیں۔ اور اذیتین تیرا ارادہ کرتی ہیں۔ اس سے نقل کر حق عزّوحل کی طرف اپنے دل سے رجوع ہو۔ کھانا اپنی طبیعت سے اور خواہش اور ہوا سے نہ کھا۔ اور کھانا بغیر دو عادل گواہوں کے نہ کھاوہ قرآن وحدیث ہیں۔ پھر اور دو گواہ طلب کر وہ دل اور فضل الٰہی ہے۔ اور آپ نے جمعہ کے روز صبح کے وقت مدرسے میں فرمایا۔ اے منافق پاک کرے اللّٰہ عزّوجل تجھ سے زمیں کو کیا۔ تیرا انفاق تجھے کافی نہیں یہاں تک تو اور تیرے جیسے۔ تیرے منافق بھائی، عالموں اور اولیاوں اور صالحوں کی غیبت کرتے اور ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ عنقریب کیڑے تمھارے زبانیں اور گوشت کھائینگے۔ اور تمھیں ریزہ ریزد اور پارہ پارہ کردینگے۔ اور زمین تم کو اپنی اندر لیجائیگی۔ اور تمہیں پیس ڈالیگی۔ اور تم کو گردش میں لائیگی۔ نہیں فلاح پائیگا وہ جو کہ اللّٰہ عزوجل اور اس کے نیک بندوں پر نیک گمان نہیں رکھتا اور ان کے لئے متوافع نہیں۔ کیوں تو ان کی تواضع نہیں کرتا۔ حالانکہ وہ رئیس اور امیر ہیں، ان کی نسبت تو کون ہے ؟

نوین ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری کو اتوار کے دن خانقاہ میں فرمایا۔ مومن مال سے توشہ بناتا ہے۔ اور کافر منعفت حاصل کرتا ہے۔ مومن اس لئے توشہ بناتا ہے کہ وہ راستہ پر ہے۔ اپنے مال سے تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ اور بہت آخرت کے واسطے بھیجتا ہے۔ اپنے نفس کے لئے اتنا رکھتا ہے۔ جتنا سوار توشہ کے لئے اُٹھا سکتا ہے۔ اس کا سارا مال آخرت میں ہے۔ اس کا دل اور ہمت بالکل اس طرف ہے۔ اس کا دل دنیا سے ٹوٹ کر اسطرف متوجہ ہے۔ اپنی تمام عبادتیں آخرت کے طرف بھیجتا ہے۔ نہ دنیا اور دنیا والوں کے طرف اگر اس کے پاس لذیذ کھانا ہو تو فقراء پر بخشش کردیتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ آخرت میں اس سے بہتر کھانا دیا جائیگا۔ یہ دنیا

دریا ہے۔ اور تیرا ایمان اس کی کشتی ہے۔ اس لئے لقمان حکیم" نے اپنے بیٹے سے کہا دنیا دریا اور ایمان کشتی اور عبادتیں فلاح اور آخرت کنارہ ہے۔ اے گناہوں پر اصرار کرنیوالو عنقریب تم اندھے، بہرے اور لنگڑے اور فقیر ہوجاوگے۔ اور مخلوقات کے دل تم پر سخت ہوجائینگے۔ تمھارے مال خارتوں، تاوانون اور فتنوں میں چلے جائینگے۔ عقل مند بنو اپنے رب عزّوجل کی طرف توبہ کرو۔ اپنے مالوں سے شرک نہ کرو۔ اور ان پر اعتماد نہ رکھو۔ انہیں کے ساتھ سہ رہو۔ ان کو اپنے دلوں سے نکال ڈالو۔ اور اپنے گھروں میں ذکر کہو۔ اور غلاموں اور وکیلوں کے حوالے کرو۔ اور موت کے منتظر رہو۔ اپنے حرض کو کم کرو۔ اور امیدوں کو کاتاہ کرہ۔ ابی یزید بسطامی رحمتہ اللّٰہ علیہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ مومن عارف اللّٰہ عزوجّل سے دنیا وآخرت کو طلب نہیں کرتا۔ فقط اس کی ذات کو طلب کرتا ہے۔ بے صدق علم تجھے کیا نفع دیگا۔ اللّٰہ تعالےٰ نے تجھے علم پر گمراہ کیا ہے تو۔ مخلوقات کے لئے علم پڑھتا ہے۔ اور نماز پڑھتا ہے اور روزے رکھتا ہے۔ تاکہ وہ تیرا اقرار کریں اور تیرے لئے اپنے اموال خرچ کریں اور اپنے گھروں اور محلّوں میں تیری تعریف کریں۔ فرض کر یہ سب کچھ تجھے ان سے حاصل ہوگیا۔ پھر جب موت اور عذاب اور تنگی دہشتین آیئں تو تیرے اور ان کے درمیان پردہ پڑ جائیگا۔ اور وہ تجھے ذرا بھی کام نہ آئینگے۔ اور جو کچھ کہ تو نے ان کے مالوں سے حاصل کیا اسے تیرا غیر کہا جائیگا۔ اور اس کا عذاب اور حساب تجھ پر ہوگا۔ اے برگشتہ بخت! اے بے نصیب تو دنیا میں عمل کرنیوالوں سے اور رنج اُٹھانے والوں سے ہے۔ کل دوزخ میں رنج اُٹھائیگا۔ حضرت محبوب سبحانی رضی اللّٰہ عنہ، نے گیارھویں ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری کو منگل کے دن عشاء کے وقت اور ایک کلام کے وقت مدرسہ میں فرمایا کہ حسن بصری رضی اللّٰہ عنہ، نے کہا کہ دنیا کو ذلیل کرو۔ کیوں کہ اللّٰہ کی قسم وہ بہتر نہ ہوگی مگر اس کو ذلیل کرنے کے بعد اے غلام قرآن پر عمل کرنا تجھ کو واقف بنائیگا۔ اس کے نازل کرنے والے کا یعنی خدائے عزّوجل کا اور حدیث پر عمل کرنا تجھ کو واقف کردیگا۔ رسول کا جو ہمارے بنی سیدنا محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم ہیں۔ اگر تجھے قدرت ہو کہ نیک لوگوں کی۔ خدمت کرسکے تو کرے کیونکہ وہ تیرے لئے دنیا وآخرت میں بہتر ہے۔ اگر تو تمام دنیا کا مالک ہوجائے اور تیرا دل اس کے دل کے مانند نو ہو تو ایک ذرے کا تو مالک نہیں۔ وہ جس کا دل اللّٰہ عزّوجل کے لائق ہوتا

ہے اور اس کے ساتھ دنیا اور آخرت ہوتی ہے ۔ تو وہ عوام وخواص کے درمیان اللہ عزوجلّ کے حکم کے موافق حکم کرتا ہے ۔ تجھ پر افسوس ہے اپنی قدر پہچان تو ان کی نسبت کیا چیز ہے ۔ تیرا مقصد کھانے اور پینے اور پہننے اور نکاح کرنے اور دنیا جمع کرنے اور اس پر حرص رکھنے کا ہے ۔ دنیا کے کاموں میں بہت عمل کرنیوالا اور آخرت کے کاموں میں بالکل بیکار ہے ۔ تو اپنے گوشت کو تیار بناتا اور کیڑے اور حشرات الارض کا نشانہ کرتا ہے ۔ سید نا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ عزوجلّ کا ایک فرشتہ ہر روز صبح وشام ندا کرتا ہے ۔ اے اولاد آدم موت کے لئے جنو اور ویران ہونے کے لئے عمارتیں بناؤ اور دشمنوں کے لئے مال جمع کرو ۔ مومن کی نیت اپنی ساری تصرفات میں نیک ہوتی ہے ۔ دنیا میں دنیا کے لئے عمل نہیں کرتا ۔ دنیا میں آخرت کے لئے بنا کرتا ہے مساجد اور پل اور مدرسے اور خانقاہیں تعمیر کراتا ۔ اور مسلمانوں کے راستے ۔ درست کراتا ہے ۔ اور اگر اس کے سوائے بنائے تو عیال اور بیواؤں ، فقیروں اور اُنکی ضروریات کیلئے ہے ۔ یہی کام کرتا ہے یہاں تک کہ آخرت میں اسکا عوض اسکے واسطے تیار ہوتا ہے ۔ طبیعت اور حرص اور نفس کیلئے نہیں ۔ جب ابن آدم کامل ہوجاتا ہے ۔ تو اپنے تمام احوال میں حق عزوجلّ کے ساتھ ہوتا ہے ۔ اس کا عدم بھی اللہ ساتھ اور وجود بھی اسی کے ساتھ ہوتا ہے ۔ اس کا دل نبیوں اور رسولوں سے مل جلتا ہے جو کچھ کہ وہ لائے ہیں قول اور عمل اور ایمان اور ایقان سے اسکو قبول کرتا ہے ۔ وہ ضرور دنیا اور آخرت میں ان سے مل جاتا ہے ۔ افسوس تجھ پر تو دوزخیوں کے اعمال کرتا ہے ۔ اور جنت کی اُمید رکھتا ہے ۔ بس تو بے موقع طمع کرنے والا ہے ۔ عاریت پر مغرور نہ ہو تو اس کو اپنی خیال کرتا ہے ۔ عنقریب تجھ سے نکال لیجایئگی حق عزوجلّ نے تجھے حیات عاریت دی تھی ۔ تاکہ تو اسمیں اس کی اطاعت کرے تو نے اُسکو اپنی خیال کیا ۔ اور اسمیں جو چاہا کیا اسی طرح عافیت تیرے نزدیک عاریت ہے اور ایسی ہی تونگری تیری پاس عاریت ہے ۔ اور اسی طرح امن اور مرتبہ اور ساری نعمتیں جو تیرے نزدیک ہیں عاریت ہیں ۔ ان عاریتوں میں حد سے نہ بڑھ ۔ تو ان کی بابت مطالبہ کیا جایئگا ۔ اور ان کی ہر شئے کے جانب پوچھا جایئگا ۔ ساری نعمتیں جو تمھارے پاس ہیں ۔ اللہ عزوجلّ کے طرف سے ہیں ۔ پس ان سے عبادت پر مدد لو ۔

چودہویں ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری جمعہ کے روز صبح کے وقت مدرسے میں فرمایا ۔ رزق کیلئے اہتمام نہ

کرو ۔ کیونکہ وہ تیرے لئے تجھ سے زیادہ طلب کرتا ہے ۔ جب آج کا رزق حاصل ہو تو کل کیلئے اہتمام چھوڑ دیں ۔ جیسے کے تونے ۔ گذشتہ کل کو چھوڑا اور تجھے معلوم نہیں کہ آئندہ روز کو پایئگا نہیں ۔ آج کے دن میں جو کرنا ہے کر لے ۔

اے لڑکے! اپنی طاعت پر مغرور نہ ہو ۔ اور خود بینی نہ کر ۔ حق عزوجلّ سے اس کی قبولیت کا سوال کر اور ڈر اور خوف کر اس سے کہ نقل کرے تجھے طرف غیر اس اطاعت کے یعنی تیری طاعت مبدل بر گناہ ہوجائے ۔ تجھے اس بات سے کس چیز کا امن ہے ۔ کہ اللہ تعالیٰ تیری اطاعت کو کھدے کہ وہ گناہ ہوجائے ۔ اور تیری صفائی کو کھدے کے کدورت بن جائے ۔ جس نے اللہ عزوجلّ کو پہچانا ۔ وہ کسی چیز کے ساتھ نہیں ٹھہرتا ۔ اور کسی چیز پر مغرور نہیں ہوتا ۔ وہ امن میں نہیں ہوتا ۔ یہاں تک کہ دنیا سے اپنا دین سلامت ، اور جو اسکے اور اللہ عزوجلّ کے درمیان ہے حفاظت سے لے کر نکل جائے ۔ اور آپ نے فرمایا اے جنت کو چاہنے والوں ، اسکی خریداری اور عمارت آج ہے ۔ نہ کل یعنی دنیا میں ہے نہ آخرت میں اور کھودنا جنت کی نہروں کا اور اسمیں پانی کو جاری کرنا آج ہے ۔ نہ کل ۔ اے قوم! قیامت کے دن دل اور آنکھیں اُلٹ جایئنگی ۔ وہ ایسا روز ہے کہ جسمیں قدم پھسلینگے ۔ ہر ایک مومن اپنے ایمان اور تقواے کے قدموں پر قائم رہیگا ۔ قدموں کا ثابت رہنا ایمان کے مقدار میں موافق ہے ۔ اس روز ظالم اپنے ہاتھ دانتوں سے کاٹیگا ۔ کہ میں نے کیوں ظلم کیا ۔ اور مفت بھی اپنے ہاتھ کاٹیگا ۔ کہ کیوں میں نے فساد کیا ۔ اور اصلاح نہ کی ۔ کیوں اپنے مولا سے بھاگا ۔ اے غلام! (لڑکے) عمل پر مغرور نہ ہو ۔ اس لئے کہ اُٹمشل کا اعتبار خاتموں پر ہے ۔ تجھ کو لازم ہے حق عزوجلّ سے سوال کرنا کہ اپنا خاتما اچھا کردے ۔ اور اس کے نزدیک جو پسندیدہ اعمال نہیں ۔ اسمیں اپنی روح کو قبض کرے ۔ پرہیز کر پھر پرہیز کر اس سے کہ توبہ کرنے کے بعد اس کو توڑ ڈالے اور پھر گناہ کے طرف لوٹے ۔ توبہ سے کسی کے کہنے والے کے کہنے پر نہ پھر ۔ اپنے نفس اور ہوا اور طمع کا موافق نہ ہو ۔ اپنے مولا عزوجلّ کی مخالفت نہ کر ۔ گناہ تجھ کو آج اور کل ذلیل کردے گا ۔ جب تو حق عزوجلّ کی نافرمانی کرے گا تو تجھے بے بہرہ چھوڑ دیگا اور تیری مدد نہ کریگا ۔ اے اللہ تو اپنی طاعت میں ہماری مدد کر اپنی معصیت کے سبب سے ہمیں بے بہرہ نہ چھوڑ اور دنیا اور آخرت میں نیکی ادا کر دوزخ کے عذاب سے بچا ۔

اللهم انصرنا عبطاعتك ولا تخذلنا بمعصيتك وآتنا فى الدنيا حسنة وّفى الاخرة حسنة وقنا عذاب النار.

سولہویں ذیقعدہ ۵۴۵ ہجری اتوار کی صبح خانقاہ میں ایک کلام کے بعد فرمایا تحقیق اللہ تعالےٰ نے تجھے ظاہری اور باطنی نفس وہوا اور طبیعت اور شیطان سے جہاد کرنا اور گناہوں اور قصوروں سے توبہ کرنا اور اس پر ثابت رہنا اور حرام خواہشات نفسانی کو ترک کرنا ہے۔ اور جہاد ظاہری کفار سے جو خدا اور اس کے رسول دشمن ہیں لڑنا اور ان کی تلواروں اور نیزوں میں اور تیروں کا رنج اُٹھانا، مارنا اور مرنا۔ پس جہاد باطن زیادہ سخت ہے۔ جہاد ظاہر سے کیونکہ جہاد باطن کئی دفع واقعہ ہوتا ہے۔ اور کیونکہ زیادہ سخت نہ ہو۔ وہ ترک کرنا اور چھوڑنا نفس کی خواہشوں کا ہے۔ جو حرام ہیں۔ اور شرعی احکام کی فرمانبرداری کرنا اور منہیات سے باز رہنا ہے۔ جس نے دونوں جہادوں میں اللہ عزوّجل کے حکم کی فرنانبرداری کی اسے دنیاو آخرت میں بدلہ ملا۔ شہید کے جسم میں زخم ایسے ہوتے ہیں جیسے تم میں سے کسی کے ہاتھ سے فصد ؟ کہ اسکا ذرہ بھی درد اسے نہیں ہوتا۔ اور نفس سے جہاد کرنیوالے اور گنہاہوں سے توبہ کرنے والے کے حق میں موت پیاسے کے سرد پانی پینے کی طرح ہے۔ اور آپ نے فرمایا اے قوم! میرا کہا مانو میں تمھارا ناصح ہوں۔ میں اپنے وجود اور تم سے کنارہ کش ہوں۔ تمام چیزوں سے جن میں کہ ہوں ان سے کنارہ کش ہوں۔ میں اپنے وجود اور تم میں اللہ اور عزوّجل کے حکموں کے سیر کرتا ہوں۔ مجھے تہمت نہ لگاو۔ میں تمہارے لئے وہی چاہتا ہوں جو اپنے لئے۔ سید نا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مومن کا ایمان کامل نہیں ہوتا ہے جب تک کہ اپنے مسلمان بھائی کے لئے وہ چیز نہ چاہیئے جو اپنے لئے چاہتا ہے۔ یہ جو اوپر مذکور ہوا قول ہمارے امیر ہمارے رئیس، ہمارے بزرگ، ہمارے سردار ہمارے سفیر ہمارے شفیع کا ہے۔ جو آدم علیہ اسلام کے زمانے سے قیامت تک کے نبیوں اور رسولوں اور صدیقوں کے پیشوا ہیں۔ آپ نے اس شخص سے جو اپنے بھائی مسلمان کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے۔ جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ ایمان کے کمال کو نفی کردیا ہے۔ جب تو اپنے نفس کیلئے لزیذ کھانے اور اچھے لباس اور عمدہ مکان اور خوبصورت چہرے اور کسرت اموال سے محبت

رکھے اور اپنے بھائی مسلمان کے لئے اس کے بر خلاف کرے تو کمال ایمان کے دعوے میں تو جھوٹا ہے۔ اے کم تدبیر کرنے والے تیرا ہمسایہ فقیر اور تیرے عیال محتاج اور تیرا امال قابل زکواہ اور تجھے ہر روز نفع پر نفع اور تیرے پاس تیری حاجت سے زیادہ حقدار موجود ہے۔ تو پھر ان پر تجّسس نہ کرنا۔ ان کے فقر پر راضی ہونا ہے۔ اے قوم دن کی بھوکے اور پیاسے رہنا اور رات کو حرام سے افطار کرنا تمہیں کیا نفع دیگا۔ دن کو روزہ رکھتے اور رات کو نافرمانی کرتے ہیں اے حرام کھانے والوں تم دن میں اپنے نفسوں کو پانی پینے سے روکتے ہو اور رات کو مسلمانوں کے خون سے افطار کرتے ہو۔ اور تم میں سے ایسے بھی ہیں جو دن کو روزہ رکھتے اور رات کو بُرے کام کرتے ہیں۔ سید نا رسول اللہ صلی اللہ وعلیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمت ذلیل کی جایئگی جب تک ماہ رمضان کی تعظیم بجلالائےگی۔ اسکی تعظیم اس میں پرہیزگاری اور حدود شرع کی حفاظت کے ساتھ خالص اللہ تعالے کے لئے روزہ رکھتا ہے۔ اے لڑکے روزہ رکھ اور جب افطار کرے تو اپنے کھانے میں سے فقیر کی بھی مدد کر۔ اکیلا نہ کھا اس لئے کے جس نے اکیلا کھایا اور نہ کھلایا اس پر فقیری اور سختی روزگار کا خوف کیا جاتا ہے۔ اے قوم تمہارا پیٹ کھانے سے بھرا اور تمہارے ہمسایے بھوکے ہیں۔ اور دعویٰ یہ کہ مومن ہوں تمھارا ایمان صحیح نہیں۔ تمھارے میں سے کسی ایک کے سامنے تم سے اور تمھارے عیال سے بچا ہوا بہت سا کھانا رہتا ہے۔ اور سائل دروازے پر کھڑا رہ کر محروم چلا جاتا ہے۔ عنقریب تو اپنا حال دیکھ لیگا۔ عنقریب تو ویسا ہی ہوجایئگا۔ اور جیسا تو نے۔ باوجود دینے کی قدرت کے رد کیا تو بھی رد کیا جایئگا۔ تجھ پر افسوس تو کیوں نہ اُٹھا اور جو تیرے سامنے ہے اس میں سے اُٹھا کر سائل کو کیوں نہ دیا کہ جمع کرنا ان دو حالتوں میں سے تواضع قیام اور عطا مال میں۔ ہمارے نبی سیدنا رسول اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سائل کو۔ اپنے ہاتھ سے دیتے تھے۔ اور اپنی اونٹنی کو چارہ ڈالتے اور بکری کا دودھ دوہتے اور اپنے کُرتے کو سیتے، تم آپ کی متابعت کا کس طرح دعوی کرتے ہو۔ حالانکہ اقوال اور افعال میں آپ کے مخالف ہو۔ اور آپ نے فرمایا اے قوم کیا تمھارے پاس حق عزوّجل کے طرف سے ہمیشہ زندہ رہنے کا فرمان لکھا ہوا ہے۔ تمہاری کیا کم تدبیر ہے جو شخص اپنی آخرت کو بگاڑ کر غیر کی دنیا آباد کرتا ہے۔ اور اپنے دین

کو برباد کر کے غیر کے لئے دنیا جمع کرتا ہے۔ وہ حق عزوجلّ کا مخالف ہے۔ اپنے جیسے مخلوق کے خوشنوی حاصل کرنے کے لئے انکا غضب اپنے سر پر لیتا ہے۔ اگر وہ جانے اور یقین کرے کہ میں عنقریب مرجاونگا۔ اور حق عزوّجل کے سامنے حاضر ہوونگا۔ اور میرے تمام اعمال کا حساب لیا جایئگا۔ تو اپنی اکثر اعمال سے کوتاہی کرے گا۔ لقمان حکیم رحمتہ اللّٰہ علیہ نے اپنے بیٹے کو کہا اے بیٹے جس طرح تو بیمار ہوجاتا ہے کہ کس طرح بیمار ہوتا ہے اسی طرح مرجایئگا۔ اور ناجایئگا۔ اور نہ جانیگا کہ کس طرح مرا۔ میں تم کو ڈراتا اور منع کرتا ہوں۔ اور تم نہ ڈرتے ہو اور نہ باز رہتے ہو۔ اے نیکی سے دُور رہنے والو، دنیا میں مشغول ہونے والو، عنقریب دنیا تم پر غالب آیئگی۔ تمھار اگلا گھونٹ ڈالیگی۔ اور جو کچھ کہ تم نے اس کے ہاتھ۔ سے جمع کیا گیا ہے۔ اور اسمیں لذت اٹھائی ہے۔ وہ تھیں نفع نہ دیگا۔ بلکہ جمع کرنا دنیا کا تم پر باعث عذاب ہوگا۔ اکیسوں ذیعقدہ ۵۴۵ھ ہجری جمع کے صبح کو مدرسے میں فرمایا اے اس شہر کے رہنے والوں تم میں نفاق زیادہ اور اخلاص کم ہے۔ اور بغیر عمل کے باتیں زیادہ ہیں۔ بے عمل بات کسی کام کی نہیں تمھارے اکثر اعمال جسم بے روح کے مانند ہیں۔ روح کیا ہے ؟ اخلاص اور توحید اور قرآن اور حدیث پر ثابت رہنا ہے۔ غفلت نہ کرو۔ بر عکس کرو ثواب پاوگے۔ حکم کی فرمابرداری کرو اور منع سے باز رہو۔ اور تقدیر کے موافق ہو۔ تجھ پر افسوس رزق مقسوم ہے۔ زیادہ و کم اور مقدم و موخرء نہیں ہوتا تو حق عزوّجل کے ضمانت میں شک کرنے والا ہے۔ اپنے غیر مقسوم کی طلب میں حرص کرنے والا ہے۔ تجھ پر افسوس جب تو ماں کے پیٹ میں تھا۔ تجھے کس نے کھلایا۔ تو اپنے نفس اور مخلوقات اور دنیا اور دینار اور درہم اور خرید و فروخت اور شہر کے حاکم پر بھروسہ کرتا ہے۔ جس پر تو نے بھروسہ کیا۔ وہ تیرا الٰہ ہے اور جس سے ڈرا اور امید رکھی وہ تیرا الٰہ ہے۔ جس کو تو نے ضرر اور نفع میں دیکھا اور نہ خیال کیا کہ حق عزوّجل اس کے ہاتھوں سے جاری کراتا ہے۔ وہ تیرا الٰہ ہے۔ عنقریب تو اپنا حال دیکھ لیگا۔ حق عزوّجل تجھ سے تیرا حال، تیری سماعت، بصارت اور قوت اور مال اور وہ تمام چیزیں جس پر تیرا اس کے سوائے اعتماد ہے لے لیگا۔ اور درمیان تیرے اور مخلوقات کے جدائی ڈالیگا۔ ان کے دل تجھ پر سخت کردیگا۔ ان کے ہاتھ تجھ سے روک لیگا۔ اور تجھے اپنے شغل سے معزول کردیگا۔ اور تجھ پر دروازے بند کر ڈالیگا۔ اور

ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر پھرایئگا۔ اور تجھے ایک لقمہ اور ذرہ بھی نہ دیگا۔ اور جب تو اسکو پکاریگا۔ وہ جواب نہ دینگا۔ یہ سب کچھ تیرے اسکے ساتھ شرک کرنے اور اس کے غیر پر اعتماد کرنے اور اس کی نعمتوں کو اس کے غیر سے طلب کرنے اور ان سے اس کے گناہ پر استعانت لینے کے ساتھ ایسا گذرا ہے اور یہ گناہگاروں میں اکثر ہے اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ توبہ سے تدارک کرتے ہیں۔ پس حق عزوجل اس کی توبہ کو قبول فرماتا ہے اور اسکی طرف رحمت سے نظر کرتا ہے۔ اور اسکے ساتھ کرم اور لطف سے معاملہ کرتا ہے۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللّٰہ تعالےٰ عنہ، نے جمعہ کے دن۔ بارھویں ماہ ذلہجہ ۵۴۵ھ ہجری کو صبح کے وقت مدرسے میں فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تحقیق یہ دل زنگ آلود ہوتے ہیں۔ اسکا صیقل قرآن کا پڑھنا اور موت کا یاد کرنا اور ذکر کی مجلسوں میں حاضر ہونا ہے۔ دل زنگ آلود ہوتا ہے۔ اگر سیدنا رسول اللّٰہ صلی وعلیہ سلم کے فرمان کے موافق اس کا صاحب تدارک کرے تو بہتر نہیں تو سیاہی کے طرف منتقل ہوگا دل سیاہ ہوجاتا ہے۔ بسبب دور ہونے اسکے نور سے اور دنیا کی محبت کرنے سے اور بے ورا اس کو جمع کرنے سے اس لئے کہ جس کے دل پر دنیا کی محبت غالب ہوئی اسکی پرہیزگاری جاتی رہی پس اسکو حرام اور حلال وجہ سے جمع کرتا ہے۔ جمع کرنے میں اسکی تمیز زایئل ہوجاتی ہے۔ اپنے رب عزوّجل سے اس کی حیا چلے جاتی ہے۔ اور اس سے مراقبہ یعنی حضورِ دل جاتا رہا۔ اے قوم تم اپنے نبی اکرم صلی اللّٰہ وعلیہ وسلم کا فرمان مانو۔ اور اپنے دلوں کا زنگ اس دوا سے جو آپ نے تمھارے لئے بیان کی ہے دور کرو۔ اگر تم میں سے کسی کو بیماری لگ جائے اور کوئی طبیب اس کی دوا بیان کرے تو جب تک اسے استعمال نہ کرے اسے عیش خوش نہیں معلوم ہوتا۔ اور آپ نے فرمایا توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ حق عزوجلّ کے حکم کی ہر حال میں تعظیم کرے۔ اور اس لئے بعضوں نے کہا کہ تمام نیکی دو باتوں میں ہے۔ اللّٰہ تعالےٰ کے حکم کی تعمیل اور تعظیم اور اس کے خلق پر سبقت کرنے میں ہے۔ جو کوئی حکم الٰہی کی تعظیم نا کرے اور خلق خدا پر شفقت نہ کرے وہ اللّٰہ سے دور ہے۔ اللّٰہ عزوّجل نے موسی علیہ وسلم کی طرف وحی کی۔ "ارحم حتی ارحمک انی رحیم من رحم رحمتہ وادخلتہ جنتی" کے رحم کرو یعنی خلق پر تاکہ میں تم پر رحم کروں بتحقیق کہ میں رحیم ہوں جو شخص رحم کرے اس پر

رحم کرتا ہوں اور اپنی جنت میں اسے داخل کرتا ہوں ۔ پس رحم کرنیوالے کو بشارت ہو ۔

بیسویں ماہ ذی الحجہ ۵۴۵ھ ہجری صبح کو خانقاہ میں فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ وعلیہ وسلم فرماتے ہیں ۔ مصائب کا چھپانا ۔ عرش کے خزانوں میں سے ہے ۔ اے کہ تو خلق کے پاس اپنی مصیبتوں کی شکایت کرتا ہے ۔ خلق کے پاس تیرا شکوہ تجھے کیا فائدہ دیگا ۔ وہ تجھے نفع اور ضرر نہیں پہونچاسکتے ۔ اور جب تو نے انپر اعتماد کیا حق عزوجل کا ان کو شریک بنایا ۔ وہ تجھے حق عزوجل کے دروازے سے دور کرینگے ۔ اور خدا کے غضب میں تجھے ڈالینگے ۔ اور اس سے پردہ ہونگے ۔ اور آپ نے فرمایا توحید فرض ہے ۔ اور طلب حلال فرض ہے ۔ اور ضروری علم کی طلب فرض ہے ۔ اور عمل میں اخلاص فرض ہے ۔ اور عمل پر عوض ترک کرنا فرض ہے ۔ حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالے عنہ نے گیارھویں جمادی الاول ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسے میں فرمایا کہ سید نارسول اللہ صلی وعلیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس نے حرکت کی غنی کی طرف اس چیز کے مانگنے کے لئے جو اس کے ہاتھ میں ہے ۔ اس کے دین کے دو ثلث جاتے رہے ۔ اے منافقو ۔ سنو یہ اس کا حال ہے جس نے اغنیا کی طرف جھکا ۔ پس اس کا کیا حال کیا ہوگا ۔ جس نے اس کے لئے نماز نہ پڑھی اور روزہ رکھا اور حج کیا اور دہلیز بن چومین ۔ اے اللہ عزوجل کے شریک بنانے والو تم کو اللہ کی اور اس کے رسول کی کوئی چیز نہیں ۔ اسلام لاو ۔ توبہ کرو ۔ توبہ اخلاص کے ساتھ ہو تاکہ تمھارا ایمان تربیت پاوے اور تمھارا یقین کامل ہوجاوے ۔ اور تمھاری توحید اس قدر نشوونما پکڑے کہ اس کی شاخیں عرش تک صعود کرجائیں ۔ اے لڑکے جب تیرا ایمان تربیت پاوے اور اس کا در اوپر چلاجاوے تو حق عزوجل تجھ کو تیرے نفس اور خلق سے بے نیاز کردیگا ۔ تجھے کسب اور اکتساب سے غنی کردیگا ۔ تیرے نفس اور دل اور باطن کو سر کریگا ۔ مجھے اپنے دروازے پر ٹھہرائیگا ۔ اور تیرے فقر کو اپنے ذکر اور قرب اور انس سے غنی بنادیگا ۔ اور تو اس شخص کی پروانہ کریگا ۔ جس نے دنیا دکھلایا اور اسمیں مشغول ہوا اور نہ اس کی جس کے ہاتھ میں دنیا ہے ۔ پس تیرا اس کو دیکھنا ۔ زحمت اور تکلیف اور ظلمت ہوگا ۔ اے کہ تو دعوئ علم کا کرتا ہے ۔ اور اب نئے سرے سے دنیا کو طلب کرتا ہے ۔ اور ان کے لئے ذلیل ہوتا ہے ۔ تجھکو اللہ تعالے نے علم پر گمراہ کردیا ہے ۔ تیری علم کی برکت جاتی رہی ، اسکا مغز جاتا رہا اور چھلکا باقی رہ گیا ۔ اے کہ تو جو عبادت

کا دعوی کرتا ہے ۔ اور تیرا دل خلق کی پوجا کرتا ہے ۔ اور ان سے ڈرتا ہے اور امید رکھتا ہے ۔ تیری عبادت کا ظاہر اللہ عزوجل کے لئے ہے ۔ اور باطن خلق کے لئے تیری کل طلب اور ارادہ اس کا ہے ۔ جو ان کے ہاتھوں میں درھم اور دنیا اور دنیا کا مال ہے ۔ تو ان کے حمد وثنا کی امید رکھتا ہے ۔ اور ان کی خدمت اور کنارہ کشی سے خوف کرتا ہے ۔ تو انکے نہ دینے سے ڈرتا ہے اور انکے دروازوں پر دیر تک رہنے اور فریب اور نرم کلامی کے ذریعے ان کی عطائی امید رکھتا ہے ۔ اور آپ نے فرمایا تجھ پر افسوس تیرا رزق نہ زیادہ ہوتا ہے نہ کم جو تجھ پر نیکی اور بدی مقدر ہوچکی وہ ضرور آئیگی ۔ پس اس چیز میں مشغول نہ ہو جس سے فراغت ہوچکی ہے ۔ اللہ کی عبادت میں مشغول ہو اور اپنی حرص کو کم اور امید کو تاہ کر اور موت کو آنکھوں کے سامنے رکھ نجات پائیگا ۔ مجھکو لازم ہے اپنے تمام احوال میں شریعت کی موافقت کرنا ۔ اے قوم کیا شرع کی موافقت تمہیں باقی نہیں ہے ۔ تم نے اس کو اپنے ظاہر وباطن کے ہاتھوں سے ترک کردیا ۔ اور نفسوں اور خواہشوں کی تابعداری کی ہے ۔ اور اللہ عزوجل کے حکم پر مغرور ہوگئے ہو ۔ جو تم سے ہر روز عذاب اور سختی رفع کرتا ہے ۔ اور آخر میں اسکو تمام طرفوں سے تم پر نازل کریگا ۔ تجھے پکڑیگا ۔ اور مواخذہ کریگا ۔ پھر تجھے موت آئیگی ۔ اور تو قبر میں اتریگا ۔ پس اس کی تنگی اور عذاب پائیگا ۔ اور قیامت تک ایسی حالت میں رہیگا ۔ پھر توحید سے اٹھایا جائیگا ۔ اور قیامت کے دن حشر کیا جائیگا ۔ پھر تجھ سے ذرات اور ان تمام پر جو تو نے ہر ایک ساعت میں عمل کیا ۔ حساب لیا جائیگا ۔ تو کم وزیادہ سے پوچھا جائیگا ۔ تو بت ہے ، بے روح اور بے حقیقت اور بے زور خشک چمڑا ہے تو کسی کام کا نہیں ۔ مگر آگ کے لئے ۔ تجھ پر افسوس تو اللہ عزوجل سے حیا نہیں رکھتا ہے ۔ تو نے اپنے دینار کو رب اور درہم کو مقصود مقرر کیا ہے ۔ اور اللہ تعالے کو بالکل فراموش کردیا ہے ۔ عنقریب تو اپنا حال دیکھ لیگا ۔ تجھ پر افسوس اپنی دکان اور مال ، عیال کیلئے بناکہ تو ان کے لئے شرع کے موافق کسب کرے اور تیرا دل اللہ عزوجل پر بھروسہ رکھتا ہو اپنا اور ان کا رزق اللہ تعالے سے مانگ نہ مال اور دوکان سے پس وہ تیرا اور ان کا رزق تیرے ہاتھ پر جاری کریگا ۔ اور اپنا فضل اور قرب اور انس تیرے دل کو دیگا ۔ تیرے عیال کو تجھ سے بے پرواہ کردیگا ۔ اور تجھے اپنی طرف سے غنی بنائیگا ۔ ان کو غنی کریگا جسے چاہیگا اور جس طرح چاہے گا ۔ اور

تیرے دل کو کہا جائیگا یہ تیرے لئے ہے۔ اور یہ تیرے عیال کے لئے تو اس مقام پر کس طرح پہونچیگا۔ حالانکہ تو اپنی ساری عمر میں، مشرک، محجوب، مطرودؔ ہے۔ تو دنیا اور اسکے جمع کرنے سے سیر نہیں ہوتا۔ اپنے دل کے دروازے کو بند کر اور سب کو اسکے اندر آنے سے مایوس کر اور اسمیں فقط حق عزوجلّ کا ذکر ڈال اور اپنے عملوں سے پے در پے توبہ کر اور اپنی نخوت اور بے ادبی سے پے در پے ندامت کر اور جو تجھ سے صادر ہو اس پر بہت روء۔ اور اپنے مال سے تھوڑا فقیروں پر خیرات کر اسمیں بخل نہ کر وہ عنقریب تجھ سے جدا ہوگا۔

عیسیٰ علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے ابلیس سے پوچھا کہ مخلوقات میں سب سے زیادہ تیرا دوست کون ہے اس نے کہا بخیل مومن۔ پھر پوچھا سب سے زیادہ دشمن کون ہے کریم فاسق، پھر آپ نے اُس سے پوچھا یہ کس لئے ہے کہا اس لئے کہ میں بخیل مومن سے امید رکھتا ہوں اس کا بخل اس کو گناہ میں ڈالیگا۔ اور کریم فاسق سے ڈرتا ہوں اس کے بخشش سے اس کے گناہ مٹ جائینگے۔ دنیا میں دنیا کے لئے مشغول نہ ہو۔ شرع نے کسب کو اس لئے جائز رکھا ہے تاکہ اس سے حق عزوجلّ کی عبادت پر استعانت لی جائے لیکن جب تو نے کسب کیا اور اس سے گناہ پر اعانت لی اور نماز اور نیکی کرنے کو ترک کر دیا اور زکوٰۃ نہ نکالی تو گناہ میں ہے۔ نہ طاعت میں تیرا کسب راستہ کاٹنے کے لئے ہوگا۔ عنقریب موت آئیگی۔ پس مومن اس سے خوش ہوگا اور کافر اور منافق غمگین۔ سیدنا رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب مومن مرتا ہے تو آرزو رکھتا ہے۔ کہ دنیا میں نہ ہوتا مگر ایک ساعت اس لئے کہ وہ اللہ عزوجلّ کے کرامات اپنے لئے دیکھتا ہے۔ کہاں ہے تو توبہ کرنے والا جو اپنے توبہ پر ثابت رہنے والا ہے۔ کہاں ہے اپنے رب عزوجلّ سے حیا کرنے والا جو اپنے سارے حالات میں اس سے مراقبہ کرنے والا ہے۔ کہاں ہے اپنی خلوت اور جلوت میں حراموں سے بچنے والا۔ کہاں ہے اپنے جسم اور دل کی آنکھوں کو بند کرنے والا۔ سیدنا رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق دونوں آنکھیں البتہ زنا کرتی ہیں۔ اور ان کا زنا محرمات کے طرف دیکھنا ہے۔ تیری آنکھیں نامحروم عورتوں اور لڑکوں کی طرف دیکھنے سے کب تک زنا کرینگی۔ کیا تو اللہ عزوجل کے اس قول قل للمومنین یغضوامن البصارھم کو نہیں سنا یعنی مومنوں کو کہو کہ اپنی آنکھیں بند کریں یعنی جسکا دیکھنا انہیں حلال نہیں اس کو نہ دیکھیں اور آپ نے فرمایا، دنیا چلی

جاتی ہے اور عمریں فنا ہوتی ہیں اور آخرت تم سے قریب ہے اور تم کو اس کا کوئی غم نہیں ہے بلکہ غم دنیا اور اسکے جمع کرنے کا ہوے۔ تم اللہ عزوجلّ کی۔ نعمتوں کے دشمن ہو اگر تم کو اس کی طرف سے کچھ تکلیف۔ پہونچے تو اس کو ظاہر کرتے ہوا اور اگر اس کی طرف سے راحت ملے تو اس کو چھپاتے ہو جب تم اللہ عزوجلّ کی نعمت کو چھپاوگے۔ اور اس نعمت پر اس کا شکر نہ کروگے تو اللہ عزوجل اس نعمت کو تم سے چھین لے گا۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے منگل کے دن دوسری رجب ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسہ میں عشا کے وقت کچھ کلام کے بعد فرمایا کہ یہ دنیا بازار ہے۔ ایک ساعت کے بعد۔ اسمیں کوئی نہ رہیگا۔ رات آنے کے وقت اس کے باشندے اس سے چلے جاتے ہیں کوشش کرو کہ اس بازار میں کوئی خرید و فروخت نہ کرو۔ مگر وہی جو کل آخرت کے بازار میں تم کو فائدہ دے۔ کیوں کہ پرکھنے والا بصیر ہے۔ وہاں حق عزوجلّ کی۔ توحید اور اس کے لئے عمل میں اخلاص رائج ہے۔ اور یہ تمھارے پاس کم ہے۔ اور آپ نے فرمایا اے لڑکے میرے پاس بہتر یہ ہے کہ تو اپنے ضعف کے حال میں کسی سے کچھ نہ مانگے اور یہ کہ تیرے نزدیک کچھ نہ ہو۔ اور نہ تو کسی کو پہچانے۔ نہ تجھے کوئی پہچانے اور نہ تو کسی کو دیکھے نہ تجھے کوئی اور دیکھے اور اگر تجھ میں طاقت ہے کہ تو دیوے اور نہ لیوے تو ایسا کر اور اگر ہوسکے تو خدمت طلب نہ کرے۔ تو ایسا کر قوم نے اللہ تعالے کے لئے اور اللہ تعالے کے ساتھ عمل کیا۔ پس اس سے دنیا و آخرت میں ان کو۔ اپنے عجائبات دکھلائے۔ اور اپنی مہربانی اور محبت کو ان کے ساتھ رکھتا ہے۔ ان کو دکھا دیا۔

اور آپ نے پانچویں رجب ۵۴۵ھ ہجری جمعہ کے صبح کو مدرسہ میں فرمایا کہ سیدنا رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فرماتے ہیں بیماروں کی عیادت کرو۔ اور جنازوں کے ساتھ جائو۔ وہ تمہیں آخرت کی یاد دلایئں گے۔ اس سے سیدنا رسول۔ اللہ صلی اللہ علیہ وسل کا یہ مقصد ہے کہ تم آخرت کو یاد کرو۔ تم اس کے ذکر سے بھاگتے ہو۔ اور دنیا سے محبت رکھتے ہو۔ عنقریب تمھارے اور اس کے درمیان بغیر تمھارے اختیار کے پردہ ہوجائیگا۔ جس پر تم خوشی کرتے ہو۔ تمھارے ہاتھوں سے لی جائیگی۔ خوشی کے عوض تم کو بغض اور غم آئیگا۔ اے غافل، اے کمینہ

آگاہ ہو تو دنیا کے لئے نہیں پیدا ہوا۔ بلکہ آخرت کے لئے پیدا ہوا ہے۔ اے اپنی ضروریات سے غافل۔ تونے اپنا مقصد نفسانی خواہشات اور لذات اور دینار پر دینار جمع کرنا بنایا ہے۔ اور اپنے اعضاء کو کھیل میں مشغول رکھا ہے۔ اور آخرت اور موت کا یاد دلانے والا تجھے یاد دلاوے تو تو کہتا ہے کہ تونے میرا عیش ناخوش کردیا۔ اور اپنے سر کو اس طرح اور اُسطرح پھراتا ہے۔ تحقیق کہ تیرے پاس موت کا ڈرانے والا آگیا وہ سفیدی ہے بالوں کی اور تو اس کو کترتا یا سیاہی سے بدل ڈالتا ہے۔ جب تیری موت آگئی تو کیا کریگا۔ جب ملک الموت اور ان کا لشکر تیرے پاس آگیا تو کس طرح سے ان کو روکے گا۔ جب تیری روزی آخر ہوجائیگی۔ اور تیری موت تمام ہوجائیگی تو کونسا حیلہ کریگا۔ اس ہوس کو چھوڑ۔ دنیا کی بنا عمل پر ہے۔ جب تو اس میں عمل کریگا تو آخرت پائیگا۔ اور اگر تونے عمل نہ کیا تو نہ پائیگا۔ یہ یعنی دنیا عملونکا اور آفات پر صبر کرنے کا گھر ہے۔ یہ رنج کا گھر ہے۔ اور آخرت راحت کا گھر ہے۔ مومن اسمیں اپنے نفس کو تکلیف دیتا ہے۔ پس یقیناً آرام پاتا ہے۔ لیکن تونے۔ راحت میں جلدی کی۔ اور توبہ میں دیر لگائی۔ اور دن بدن ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال تاخیر کی۔ یاں تک کی تیری اجل منقضی ہوگئی۔ تو عنقریب نادم ہوگا۔ تونے نصیحت کو کیوں نہ مانا۔ کیوں متنبہ نہ ہوا۔ تجھے سچ بتایا گیا۔ مگر تونے اس کی تصدیق نہ کی۔ تجھ پر افسوس تیری حیات کی چھت کا شہتیر ٹوٹ گیا۔ اے مغرور! تیری زندگی کی دیواریں گرتی ہیں۔ یہ گھر جس میں تو ہے ویران۔ ہوجائیگا۔ تو اس سے دور مکان کی طرف نقل کر۔ اسباب کیا مثردہ نیک اعمال ہیں۔ اپنا مال آخرت کے طرف روانہ کر تاکہ تو اپنے پہونچنے کے وقت اِسے پائے۔

اور آپ نے اتوار کے دن چودہوں رجب ۵۴۵ھ ہجری کو صبح کے وقت خانقاہ میں فرمایا کہ سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالے بندے کے لئے بھتری چاہتا ہے تو اس کو دین میں فقیہ بناتا ہے اور اس کے نفس کے عیوب میں اس کو بصیر بناتا ہے۔ اور آپ نے فرمایا اے غلام اپنے۔ نفس کو بھوک اور نفسانی خواہشات اور لذات اور باطلات سے روکنے کے کوڑے سے مار۔ استغفار کو اپنے نفس اور دل اور باطن کی خصلت بنا۔ کیوں کہ اسمیں سے ہر ایک کے لئے گناہ مخصوص ہے۔ تمام احوال میں اللہ تعالے کی موافقت اور متابعت ان پر لازم کرے۔ اے کم عقل جب تجھے قدر کارد کرنا اور بدلانا اور مٹانا اور اس کی مخالف ممکن نہیں تو تو

اس کے ارادہ کے سوا۔ اور ارادہ نہ کر جب تیرے پاس کوئی چیز نہیں آتی مگر وہی جو وہ چاہے تو اور کوئی ارادہ نہ کر۔ جب وہ کسی چیز کو نہیں چاہتا وہ پوری نہیں ہوتی۔ تو اس میں اپنے نفس اور دل کو رنج نہ دے۔ تمام امورات اپنے رب عزوّجل کے حوالے کر توبہ کے ہاتھ سے اس کے دامن راحت کو پکڑ۔ جب تو اس حال پر مداومت کرے گا تو دنیا تیرے دل اور سر کے آنکھ سے دور ہوگی۔ اور سہل۔ ہوگی۔ تجھ پر مصیبتیں اس کی اور ترک کرنا اس کی شہوتون اور لذتون کا بھی تجھ پر آسان ہوگا۔ اور تو اس کا عذاب اور گزند پہونچانے کی شکایت نہ کریگا۔ تیرا نفس اور بلا کا رنج فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ تعالے عنہا کے نفس اور رنج بلا کے طرح ہوجائیگا۔ جب فرعون کو معلوم ہوا کہ آسیہ رضی اللہ تعالے عنہا اللہ عزوّجل پر ایمان لائی ہیں۔ تو ان کے ہاتھوں اور پاوں میں لوہے کے میخین جڑ دیں اور کوڑوں کا۔ عذاب دینے لگا۔ آسیہ رضی اللہ تعالے اپنا سر آسمان کی طرف اُٹھایا۔ جنت کے دروازوں کے کھلے ہوئے اور فرشتوں کو۔ اسمیں ایک گھر بناتے ہوئے دیکھا۔ اور ان کے پاس ملک الموت۔ ان کی روح قبض کرنے آئے۔ اور ان سے کہا یہ گھر تمھارے لئے ہے۔ پس آسیہ رضی اللہ تعالے عنہا ہنسیں رنج کا عذاب ان سے دور ہوگیا۔ بی بی آسیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا بڑی دیندار، خدا ترس۔ بی بی تھیں۔ اللہ تعالے کے نزدیک آپ کا بڑا مرتبہ ہے۔ باوجود کہ آپ فرعون کی بی بی تھیں جو بڑا متکبر اور سخت کافر اور خدائی کا دعویٰ کرتا تھا۔

حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالے عنہا نے جمعہ کے دن گیارھویں شعبان ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسہ میں فرمایا کہ عبداللہ بن مبارک رحمتہ اللہ علیہ سے حکایت کی گئی ہے کہ آپ کے پاس کسی روز کوئی سائل کچھ کھانا مانگنے کے لئے آیا۔ آپ کے نزدیک اس وقت سوائے دس انڈوں کے کچھ موجود نہ تھا، آپ نے اپنی جاریہ کو حکم فرمایا کہ وہ انڈے اس سائل کو دیدے۔ اس نے نو انڈے دیئے۔ اور ایک چھپایا۔ جب آفتاب کے غروب کا وقت ہوا ایک شخص نے آکر دروازہ ٹھونکا اور کہا کہ یہ خوان مجھ سے لے لو۔ عبداللہ ابن مبارک رضی اللہ تعالے عنہا نے اس کے پاس جاکر لیے لیا۔ اور دیکھا کہ اسمیں انڈے ہیں۔ آپ نے ان کو شمار کیا تو۔ ایک سو کو دس کم ہیں۔ آپ نے جاریہ سے پوچھا ایک انڈا کہاں ہے۔ تونے سائل کو کتنے دئے تھے۔ اس نے عرض کی کہ

میں نے ۔ سائل کو نو انڈے دیئے اور ایک آپ کے روزہ افطار کرنے کے لئے رکھ لیا ہے آپ نے فرمایا تو نے دس کا نقصان پہونچایا ۔ وہ اپنے رب عزوّجل کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا کرتے تھے ۔ وہ قرآن وحدیث کے تابعدار تھے اپنے حرکات وسکنات اور لینے دینے میں اس کے مخالف نہ تھے ۔ انہوں نے اپنے رب عزوّجل کے ساتھ ۔ معاملہ کیا اور اسمیں فائدہ اُٹھایا اور اس کو لازم پکڑا ۔ اس کے دروازہ کو کھلا پایا ۔ اسمیں داخل ہوگئے ۔ اور اس کے غیر کے دروازہ کو بند پایا ۔ آپ نے چھوڑ دیا اور اس کے غیر میں اس کے موافق بنے نہ اسمیں غیر کے موافق اور اس کے موافق بنے ۔ بغض میں جس کے ساتھ وہ بغض رکھتا ہے ۔ اور اسکی محبت میں جس کے ساتھ وہ محبت رکھتا ہے ۔ اور آپ نے جمعہ کی صبح کو ماہ شوال ۵۴۵ کی پہلی تاریخ کو کچھ کلام کے بعد مدرسہ میں ۔ فرمایاکہ تو کس قدر پڑھیگا ۔ اور عمل نہیں کریگا ۔ علم کے دفتر کو بند کر پھر عمل کے دفتر کو اخلاص کے ساتھ کھول ۔ ورنہ تجھے فلاح نہیں ۔ تو فقط علم پڑھتا ہے ۔ اپنے افعال سے حق عزوّجل پر دلیری کرتا ہے ۔ تو نے حیا کا پردہ اپنی آنکھوں سے اتار دیا اور تو نے اللّٰہ تعالے کو اپنے نزدیک تمام دیکھنے والوں سے عاجز تر بنایا ہے ۔ اس خواہش کے موافق لیتا ہے اور خواہش کے موافق منع کرتا ہے ۔ اور خواہش کے ساتھ حرکت کرتا ہے ۔ پس بضرور تیری خواہش تجھے ہلاک کریگی ۔ اللّٰہ عزوّجل سے اپنے تمام حالات میں حیا کر اور اس کے حکم کے موافق عمل کر ۔ جب تو ظاہری حکم پر عمل کریگا تو عمل ۔ تجھے اللّٰہ عزوّجل کے علم کے نزدیک کردیا ۔ اور آپ نے فرمایا اے ۔ منافق تو نے اللّٰہ عزوجّل اور اس کے رسول کی تابعداری سے نام پر قناعت کی ہے نہ معنی پر یہ تیرے ظاہر وباطن کا جھوٹ ہے ۔ پس ضرور تو دنیا وآخرت میں ذلیل ہے ۔ گناہگار اپنے نفس میں ذلیل ہے اور جھوٹا بھی ذلیل ہے ۔ اے عالم اپنے علم کو دنیاداروں کے پاس بے عزت نہ کر ، عزت والے کو ذلیل کے عوض فروخت نہ کر ۔ عزت والا علم ہے ۔ اور ذلیل وہ جو ان کے ہاتھوں میں دنیا کا مال ہے ۔ جو کچھ تیرے مقسوم میں نہیں خلق تجھے نہیں دے سکتی فقط ۔ تیرا مقسوم ان کے ہاتھوں پر جاری ہوتا ہے ۔ اگر صبر کریگا تیرا مقسوم ان کے ہاتھوں سے تجھے عزت کے ساتھ مل جایئگا ۔ اور آپ نے فرمایا ایک شخص نے ایک غلام خرید کیا ۔ وہ غلام دیندار اور صلح تھا ۔ اس سے پوچھا اے غلام تو کیا چیز کھانا چاہتا ہے ۔ اس نے کہاکہ جو کچھ آپ کھلاوگے ۔ پھر مالک نے

پوچھا تو کیا پہننا چاہتا ہے ۔ کہا جو کچھ آپ مجھے پہناوگئے ۔ پھر پوچھا تو میرے گھر میں کس جگہ بیٹھنا چاہتا ہے ۔ کہا جس جگہ ۔ آپ مجھے بٹھاوگئے ۔ پھر پوچھا تو کیا کام کیا چاہتا ہے ۔ عرض کیا جس کام کا آپ مجھے حکم کروگے وہ شخص رویا اور کہاکہ اگر میں اپنے رب عزوّجل کے ساتھ ایسا ہوتا جس طرح کہ تو میرے ساتھ ہے تو میری بڑی خوش قسمتی ہوتی ۔ پھر غلام نے کہا اے میرے سردار کیا غلام کا آپ کے ہوتے ہوئے کوئی ارادہ اور اختیار ہوتا ہے مالک نے کہاکہ میں نے تجھے خدائے کریم کے لئے آزاد کردیا ۔ اور میں چاہتا ہوں کہ تو میرے پاس بیٹھا رہے ۔ تاکہ میں اپنے نفس اور مال سے تیری خدمت کروں ۔ جس نے اللّٰہ عزوّجل کو پہچان لیا ۔ اس کا ارادہ اور اختیار باقی نہیں رہتا اور کہتا ہے مجھ پر میرا کیا حق ہے ۔ اپنے اور اپنے غیر کے کاموں میں تقدیر کی مزاحمت نہیں کرتا ۔ اللّٰہ عزوّجل کے بندوں میں وہ نہایت ہی کم ہیں ۔ جو خلق سے پرہیز کرتے ہیں ۔ اور گوشہ نشینی سے انست پکڑتے ہیں ۔ قرآن اور حدیث پڑھنے سے مانوس ہوتے ہیں ۔ پس بالضرور ان کے دل حق سے مانوس اور قریب ہوتے ہیں ۔ جن سے وہ اپنے اور اپنے غیر کے نفسوں کو دیکھتے ہیں ۔ ان کے دل صحیح ہوتے ہیں ۔ تمھارے کوئی حالت ان سے مخفی نہیں رہتی ۔ تمھارے دلوں کی باتیں پہچان کر کلام کرتے اور تمھارے گھروں کے حالات سے تم کو خبر دیتے ہیں ۔ اور آپ نے فرمایا تجھ پر افسوس کہ تو متکبّر ہو کر صوفی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے ۔ صوفی وہ ہے جس کا باطن اور ظاہر قرآن اور حدیث کی پیروی کرنے سے صاف ہوگیا ۔ وہ ۔ اور جس قدر اُسکی صفائی بڑھتی ہے ۔ وہ اپنے وجود کے دریا سے نکلتا ہے ۔ اور دل کی صفائی کی باعث اپنے ارادے اور اختیار کو ترک کردیتا ہے ۔ بہتری کی بنیاد بنی کریم صلی اللّٰہ علیہ وصلم کے قول وفعل کی متابعت میں ہے ۔ جب بندہ کا دل ۔ صاف ہوجاتا ہے ۔ تو خواب میں دیکھتا ہے کہ نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم اس کو امر فرماتے ہیں اور منع کرتے ہیں ۔

روایت ہے کہ شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللّٰہ تعالے عنہ ، صبح اور سہ پہر میں تفسیر وحدیث اور مذہب و اخلاق اور اصول ونحو کا درس دیتے تھے ۔ اور ظہر کی نماز کے بعد قرآن شریف ساتھ قرآت سے تلاوت فرماتے تھے ۔ شیخ ابن عبداللّٰہ عبد الوہاب قدس سرہ نے مروی ہے کہ میرے والد شیخ الاسلام عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللّٰہ علیہ تیتیتیس ۳۳ برس تک اپنے مدرسہ

میں درس اور فتویٰ دیتے تھے۔ آپ کا مذہب حنبلی تھا۔ شیخ علی بن ہیتی قدس سرہ فرماتے ہیں ایک روز میں اور شیخ بقا بن بطو ہمراہ شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالے عنہما کے امام احمد حنبلی کی قبر کی زیارت کے لئے گئے ہم نے دیکھا کہ امام احمد رحمتہ اللہ علیہ قبر سے نکل کر شیخ محی الدین رحمتہ اللہ علیہ کو۔ سینہ سے لگایا۔ اور آپ کو خلعت پہنایا اور کہا۔ اے شیخ عبدالقادر سب لوگ علم شریعت وطریقت اور علم حال اور فعل حال میں آپ کے محتاج ہیں۔

شیخ ابی عبداللہ عبد الوہاب قدس سرہ فرماتے ہیں کہ میرے والد شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالے عنہا چالیس سال تک وعظ فرماتے تھے۔ ۵۲۱ھ سے ۵۶۱ھ تک آپ کی مجلس میں چار سو آدمی دوات قلم لیکر بیٹھتے اور جو کچھ حضرت سے سنتے لکھتے تھے۔ حضرت کی مجلس میں دہشت سے دو تین آدمی مرتے۔ حضرت فرماتے ہیں کہ اول حال میں۔ میں نے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور سیدنا علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا کہ مجھ کو وعظ کہنے کے لئے حکم فرماتے ہیں اور میرے منہ میں حضور شریف نے اپنا لعاب مبارک سات بار ڈالا۔ اور امیرالمومنین نے چھے بار۔ میں نے جناب امیر المومنین سے پوچھا کہ آپ نے سات دفعہ کیوں نہیں ڈالا۔ فرمایا سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ادب کیا۔ آپ ہر ہفتہ میں تین دفعہ وعظ فرماتے۔ جمعہ کی صبح اور منگل کی شام کو مدرسے میں اور اتوار کے صبح کو خانقاہ میں وہاں علماء اور فقہاء اور مشایخ وغیرہ حاضر ہوتے اول اول آپ کے وعظ میں دو چار آدمی آتے تھے۔ بعد کثرت سے آنے لگے۔ لوگوں کو مسجد میں جگہ نہیں ملتی تھی۔ آپ کرسی لیکر عیدگاہ میں وعظ فرماتے۔ آپ کے وعظ میں ہزارہا آدمی۔ شریک ہوتے تھے کرامات اولیاء اللہ حق۔ کرامات شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالے عنہما کے حد تو اتر کو پہونچتے ہیں ارو سب کا اتفاق ہے کہ کسی ولی کے کرامات اتنے نہیں جتنے شیخ کے ہیں۔

(۱) شیخ ابی محمد عبد الطیف بن شیخ ابی البنی سالم بن احمد بغدادی سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ

تعالے عنہا وعظ فرماتے تھے۔ یکایک ہوا میں چند قدم اڑکر فرمایا اے اسرائیلی کھڑے رہو اور سخن محمدی کا سنو پھر آکر اپنی جگہ پر تشریف رکھے۔ لوگوں نے اس کا سبب پوچھا فرمایا کہ خصر۔ علیہ السلام میری مجلس پر سے جلدی جلدی گزرتے تھے۔ اس لئے میں ان کے آگے چند قدم گیا اور کہا جو کہ تم نے سنا۔

(۲) شیخ ابی المظفر منصور بن مبارک بن فضل واسطی سے مروی ہے کہ میں ایک روز حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالے عنہا کے دولت خانہ میں حاضر تھا۔ حضرت کچھ لکھتے تھے۔ چھت سے کاغذ پر مٹی گری۔ حضرت اس کو جھٹک کر لکھنے لگے۔ پھر مٹی گری۔ اُسے بھی جھٹک دی۔ پھر تیرے بار گری اس کو بھی جھٹک دیا۔ جب چوتھے بار گری حضرت نے سر اُٹھا کر دیکھا تو ایک چوہا نظر آیا۔ کہ چھت کھود رہا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ تیرا سر جدا ہو معاً اس کا جسد ایک طرف اور سر ایک طرف گرا۔ حضرت نے لکھنا موقوف کرکے رونا شروع کیا میں نے عرض کیا۔ اے میرے سردار کیوں۔ روتے ہو، حضرت نے فرمایا کہ مین ڈرتا ہوں کہ کسی مسلمان سے بھی میرا دل آرزدہ ہوا اور چوہے کے مانند اس پر گزرے۔

(۳) شیخ ابی القاسم عمر بن مسعود بزاز سے مروی ہے کہ ایک روز شیخ الاسلام محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالے عنہا اپنے مدرسے میں وضو کرتے تھے۔ یکایک ایک چڑیا نے اڑتی ہوئی آپ کے پیرہن مبارک پر تخجال کیا۔ حضرت نے سر اُٹھا کر اس کو دیکھا فوراً چڑیا مر کر گر پڑی۔ حضرت نے وضو کرکے پیرہن پر کی نجاست دھوئی اور پیرہن بدن سے نکال کر میرے ہاتھ میں دیا کہ اس کو بیچ کر۔ اس کی قیمت فقیروں پر تصدق کرو کہ یہ اس چڑیا کا عوض ہے (۴) شیخ عارف مفرج بن شہاب بیسانی سے روایت ہے کہ میں بغداد مین شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالے عنہا کی مجلس میں حاضر تھا۔ حضرت لوگوں سے کلام کرتے تھے۔ یکایک خاموش ہوگئے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہونے لگے لوگوں نے سبب دریافت کیا۔ فرمایا کہ میری والدہ نے جیلان میں وفات پائی۔ شیخ مفرج کہتے ہیں کہ ہم نے وہ تاریخ لکھ رکھی۔ پھر ایک مدت کے بعد عجم کا ایک قافلہ ایا۔ اسمیں جیلان کی بھی ایک جماعت تھی انہوں نے ہم کو حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ

تعالےٰ عنہٗ کی والدہ کی موت کی خبر دی ۔ اور وہی تاریخ بیان کی جو ہم نے لکھ رکھی تھی ۔

(۵) شیخ ابی عبد اللہ محمد بن ابی الفتح ہروی رحمتہ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ میں ۱۵۴۵ھ میں شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کے حضور میں کھڑا تھا ۔ بلغم میرے منہ میں ایسا آگیا کہ بغیر تھوکے چارہ نہ تھا ۔ میں نے اس کو تھوک دیا ۔ ۔ مگر دل میں شرمندہ ہوگیا کہ حضرت کے حضور میں تھوکنا مناسب نہ تھا ۔ یہ خطرہ میرے دل میں آتے ہی حضرت نے فرمایا اے محمد اس کا کچھ مضائقہ نہیں ۔ پھر کبھی تم کو نہ منہ میں بلغم آئیگا ۔ نہ ناک میں رطوبت آئیگی ۔ اس روز سے اب تک اٹھاسی ۸۸ برس ہوتے ہیں ۔ نہ تھوکا نہ ناک سے رطوبت نکالی ۔

(۶) قاضی القضات ابی صالح تضر رحمتہ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ وہ اپنے والد حافظ تاج الدین ابی بکر عبد الرزاق قدس سرہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے میرے والد شیخ الاسلام محی الدین عبد القادر رضی اللہ عنہ کے پاس لپنے بلڑکے کو لاکر عرض کی کہ یہ لڑکا آپ سے بہت مالوف ہے ۔ میں اسے آپ کو بخش دیتی ہوں ۔ حضرت نے قبول فرمایا اور اس لڑکے کو ۔ مجاہدہ کا اور طریق سلف پر چلنے کا حکم فرمایا ۔ تھوڑے دن کے بعد اس کی والدہ اس کے پاس آئی ۔ کیا دیکھتی ہے کہ بھوک اور بیداری سے اس کی والدہ اس کے پاس آئی ۔ کیا دیکھتی ہے کہ بھوک اور بیداری سے اس کا بدن لاغر اور رنگ زرد ہے ۔ اور جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا نمک اور پانی کے ساتھ کھاتا ہے پھر وہ عورت حضرت کے پاس آئی اور یہاں یہ دیکھنے لگی کہ حضرت کے سامنے ایک باسن ہے ۔ اسمیں مرغ کی ہڈیاں جو حضرت نے مرغ ۔ بریان کرکے تناول فرمایا تھا ۔ پڑی ہیں ۔ عرض کی اے میرے سردار آپ مرغ تناول فرماتے ہیں اور میرا لڑکا جو کی روٹی کا سوکھا ٹکڑا کھاتا ہے یہ سن کر حضرت نے اپنا دست مبارک ان ہڈیوں پر رکھکر فرمایا "قومی باذن اللہ الذی یحی العظام وھی رمیم" یعنی اُٹھ خدا کے حکم سے جو زندہ کرتا ہے ہڈیوں کو درحالیکہ وہ خاکستر ہوگئی ہیں ۔ فوراً مرغ زندہ ہوکر اٹھا اور بانگ دی ۔ حضرت نے فرمایا کہ جب تیرا لڑکا اس مقام کو پہنچے جو چاہے کھائے ۔

(۷) شیخ ابی العباس احمد بن علی خلیل صرصری وغیرہ سے مروی ہے کہ سن ۵۴۴ھ میں ابو المظفر حسن بغدادی تاجر نے شیخ حماد دبّاس قدس سرہ کے پاس آکر کہا ۔ اے میرے سردار

قافلہ شام کے طرف جاتا ہے اور اسمیں میرا بھی سات سو دینار کا اسباب ہے شیخ حماد نے فرمایا اگر تو اس سال سفر کریگا تو مارا جایئگا اور تیرا مال لٹ جایئگا ۔ تاجر وہاں سے مغموم نکلا اور شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کے پاس آیا ۔ حضرت ان ایام میں جوان تھے ۔ تاجر نے جو شیخ حماد سے کہا تھا وہی حضرت سے بھی عرض کیا ۔ آپ نے فرمایا تو جا سالم جایئگا ۔ اور غانم آئے گا اس کا عہدہ مجھ پر ہے ۔ جیسے انگور کا عہدہ اس کی بیل پر ہے ۔ الغرض تاجر بغداد سے نکل کر شام کو گیا اور اپنا اسباب ہزار دینار کو بیچکر وہاں سے واپس ہوا ۔ اثنائے راہ میں ۔ ایک روز حلب کے آبدار خانے میں قضائے حاجت کے لئے گیا اور دیناروں کی ہمیانی آبدار خانے کے ایک محراب مین رکھدی ۔ جب قضائے حاجت سے فارغ ہوا ۔ ہمیانی کو بھول کر منزل کو ۔ آگیا ۔ اور سوگیا ۔ اور خواب میں یہ دیکھا کہ خود قافلے میں ہے اور قطاع الطریق نے آکر قافلہ کو لوٹ لیا اور ان میں سے ایک نے تاجر کے پاس آکر اس کی گردن پر حربہ مارا ۔ تاجر خواب سے دہشت ناک بیدار ہوا اور اثر خون کا اپنی گردن پر پایا اور اس وقت ہمیانی کو یاد کیا اور مضطرب ہوکر آب دار خانہ کو گیا ۔ ہمیانی کو اسی محراب میں پایا ۔ اور بغداد کی طرف روانہ ہوا ۔ جب بغداد میں داخل ہوا اپنے دل میں سوچنے لگا کیا میں شیخ حماد کے پاس پہلے جاوں کیونکہ وہ بوڑھے ہیں ۔ یا شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، سے ملاقات کروں ۔ کیونکہ ان کا قول راست ہوا ۔ یکایک شیخ حماد نے سلطانی بازار میں تاجر سے مل کر کہا اے ابو المظفر تو پہلے شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، سے ملاقات کر ۔ کیونکہ وہ خدا کے محبوب ہیں ۔ انہوں نے سترہ دفعہ تیرے لئے اللہ تعالےٰ سے سوال کیا ۔ کہ بدل جاوے تیرا قتل بیداری کا خواب پر اور مال تلف ہونا بھول جانے پر پس تاجر پہلے شیخ الاسلام محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، اکے پاس آیا ۔ حضرت نے اس کو عرض کرنے سے پہلے فرمایا کہ شیخ حماد نے تجھے سے کہا تھا کہ میں نے سترہ دفعہ بھر سترہ دفعہ ستر دفعہ تک تاکہ بدلدیا خدائے تعالےٰ نے تیرے بیداری کے قتل ہونے کو خواب کے قتل پر اور مال کے تلف ہونے کو بھول جاکہ ملجانے پر ۔ (۱) شیخ ابی العباس احمد سے مروی ہے جو رکابدار شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کے تھے ۔ کہ ایک بار بغداد میں قحط ہوا کہ میں نے حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے خدمت میں حاضر ہوکر اپنے لوگوں کے فاقہ کی شکایت کی ۔ حضرت

نے ایک گوال (گون) گیہوں مجھے دیکر فرمایا کہ اس کا منہ بند کر کے گھر میں رکھو اور اس کے بازو سے ایک سوراخ کر کے اسمیں سے بقدر ضرورت خرچ کرو۔ میں نے حضرت کے فرمان کے موافق عمل کیا۔ پانچ سال تک اسمیں سے گیہوں نکال کر ہم کھاتے تھے۔ بعد میری عورت نے اس کا منہ کھول دیا۔ اور رکھتے وقت جتنے گیہوں تھے اتنے ہی پائے پھر وہ گیہوں سات دن میں خرچ ہوگئے۔ مین نہ یہ حال حضرت کی خدمت میں عرض کیا۔ حضرت نے فرمایا اگر اسے نہ کھولتے تو مدت العمر اس سے کھاتے۔

(۹) شیخ ابی عبد اللہ محمد بن ابی الغنائم حسینی دمشقی سے روایت ہے کہ ایک روز شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالے عنہ، کے خانقاہ کے برآمدے میں تین سو آدمی کے قریب جمع تھے۔ حضرت محل سے بہت جلدی کے ساتھ تشریف لائے۔ اور لوگوں سے فرمایا جلد جلد میرے پاس آو۔ سب لوگ جلدی سے حضرت کے نزدیک آگئے اور کوئی شخص برآمدے میں باقی نہ رہا۔ فوراً برآمدے کی چھت گر پڑی۔ تمام لوگ سلامت رہ گئے۔ بعد حضرت نے فرمایا کہ میں گھر میں تھا۔ مجھے کہا گیا کہ برآمدے کی چھت گرتی ہے۔ پھر میں نے تم پر سبقت کی۔

(۰۱) روایت ہے شیخ ابی العباس خضر بن عبد اللہ بن یحیٰ حسینی موصلی قدس سرہ سے کہ میں ایک رات مدرسے میں شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالے عنہ، کے پاس حاضر تھا۔ اس وقت کا خلیفہ مستنجد باللہ ابو المظفر یوسف حاضر ہوا۔ اور حضرت کو سلام کر کے کچھ وصیت چاہی اور دس تھیلیاں زر کی حضرت کے۔ پاس رکھدیں۔ حضرت نے فرمایا مجھے اس کی حاجت نہیں۔ پھر خلیفہ نے قبول کرنے بہت عاجزی کی اور واپس لے جانے سے انکار کیا۔ حضرت دو تھیلیوں کو ہاتھ میں لے کر دابا۔ تھیلیوں میں سے خون جاری ہوا۔ حضرت نے خلیفہ سے فرمایا اے ابوالمظفر تو خدائے تعالی سے شرم نہیں کرتا ہے لوگوں کا خون پینے سے اور اس کو میرے سامنے لانے سے خلیفہ بے ہوش ہوگیا۔ حضرت نے فرمایا عزت معبود کی قسم اگر اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ قرابت نہ ہوتی تو میں اس خون کو چھوڑتا تاکہ اسکے گھر تک پہونچے۔

(۱۱) راوی سے روایت ہے کہ ایک روز خلیفہ نے حضرت کی مجلس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ سے کچھ کرامات دیکھوں۔ تاکہ میرے دل کو اطمینان ہووے حضرت نے پوچھا کہ تو کیا چاہتا ہے عرض کیا کہ ایک سیب غیب سے نمود ہو۔ ان دنوں عراق میں سیب کا موسم نہ تھا۔ حضرت دست مبارک اپنا ہوا پر دراز کر کے دو سیب لائے ایک خلیفہ کو عطا کیا اور ایک کو اپنے ہاتھ سے دو ٹکڑے کیا۔ اس کے اندر سفید رنگ تھا۔ مشک کی بو آتی تھی پھر خلیفہ نے اپنے سیب کو دو ٹکڑے کیا۔ اس کے اندر سے کیڑے نکلے۔ خلیفہ نے عرض کیا کہ میرے سیب میں سے کیڑے نکلنے کا کیا سبب ہے فرمایا اے ابا المظفر تیرے سیب کو ظلم کا ہاتھ لگنے سے کیڑے پیدا ہوئے۔

(۲۱) روایت ہے شیخ ابی الحسن علی القرشی سے کہ میں ایک بار ۵۶۵ھ ہجری میں شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالے عنہ، کی مجلس میں حاضر تھا۔ روافض کی ایک جماعت دو خوان سر بمہر لائی اور حضرت سے پوچھا کہ اسمیں کیا ہے۔ حضرت کرسی پر سے اترے اور ایک خوان پر اپنا ہاتھ رکھا اور فرمایا اس میں ایک لڑکا ہے لنگڑا اور اپنے فرزند شیخ عبد الرزاق رضی اللہ عنہ، کو اس خوان کے کھولنے کا حکم فرمایا۔ آپ نے اس کو کھولا۔ تو اسمیں حضرت کے فرمانے کے موافق ایک لنگڑا لڑکا ہے۔ حضرت نے اس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اُٹھ۔ وہ لڑکا اُٹھ کر دوڑنے لگا۔ پھر حضرت نے دوسرے خوان پر اپنا دست مبارک رکھ کر فرمایا اسمیں تندرست لڑکا ہے اور اس کے کھولنے کا حکم بھی شیخ عبد الرزاق کو فرمایا۔ جب آپ نے اُسے کھولا تو اسمیں لڑکا ہے۔ تندرست وہ اُٹھ کر دوڑنے لگا۔ حضرت نے اس کے پیشانی کو پکڑ کر فرمایا لنگڑا ہوجا۔ وہ فوراً لنگڑا ہوگیا۔ روافض نے اپنے ہاتھ پر توبہ کی۔ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالے عنہ، اندھے اور کوڑیوں کو خدائے تعالی کے حکم سے درست کرتے تھے۔ بعد وفات کے بھی آپ تصرف کرتے مانند زندوں کے تصرف کے۔

روایت ہے شیخ ابی القاسم عمر بزاز سے کہ شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالے عنہ، فرماتے تھے کہ جو کوئی تھے کہ جو کوئی کسی سختی میں مجھ سے استغاثہ کرے۔ میں وہ سختی دور کرونگا۔ اور جو کوئی

مجھ سے ندا کرے میرے نام سے میں وہ شدت اس پر آسان کرونگا ۔ اور جو کوئی کسی حاجت میں خدائے تعالی کے پاس مجھ سے توسل پکڑیگا ۔ تو اس کی حاجت کو میں آسان کرونگا ۔

روایت ہے ابی عبد اللہ محمد بن قائد اوانی رحمتہ اللہ علیہ سے کہ کسی نے شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالے سے پوچھا کہ آپ کا کام کس چیز سے بنا ۔ قرار پکڑا ۔ فرمایا سچوٹ (سچ) سے ۔ میں نے کبھی جھوٹ نہ کہا ۔ یہاں تک کہ میں بچپن میں بھی جھوٹ نہ بولا ۔

آں حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کی وفات بغداد مین ربیع الاآخر کی ستر ہویں ۵۶۱ھ میں ہوئی ۔ عمر شریف آپ کی کانوے (۹۱) سال کی تھی ۔ اور شیخ عبد الوہاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کی چار بیبیاں اور انچاس (۴۹) اولاد تھی ۔ ان میں (۲۷) ستایئس لڑکے اور بایئس (۲۲) لڑکیاں تھیں ۔ حضرت کے لڑکے جنھوں نے بڑے ہوکر تحصیل علوم کی دس ہیں ۔ ان کے ۔ اسمائے مبارک یہ ہیں ۔ ۰ (۱) شیخ سیف الدین ابو عبداللہ عبد الوہاب (۲) اور شیخ شرف الدین ابو محمد عیسیٰ (۳) اور شیخ شمس الدین ابو محمد عبد العزیز (۴) اور شیخ جمال الدین ابو عبدالرحمان عبدالجبار (۵) اور حافظ تاج الدین ابوبکر عبد الرزاق (۶) اور ابو اسحاق ابراھیم (۷) اور ابو عبد الرحمان عبدا اللہ (۸) اور ابو الفضل محمد (۹) اور ضیاء الدین ابونصر موسیٰ (۱۰) اور ابو ذکریا یحییٰ رضی اللہ عنھم ۔ منقول ہے اصحاب احوال سے عہد لیا گیا ہے کہ جب بغداد کو جایئں اور حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کی زیارت نہ کریں تو ان کا حال سلب ہوگا ۔

مروی ہے کہ شیخ الاسلام محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، کے مرض موت میں آپ کے فرزند شیخ سیف الدین عبد الوہاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، نے عرض کیا اے میرے سردار مجھے کچھ وصیت فرمایئے کہ آپ کے بعد اس پر عمل کروں ، فرمایا خدائے عزوجل کے تقویٰ اور عبادت کو لازم پکڑو ۔ اس کے سوائے کسی اور سے نہ ڈرو اور نہ اُمید رکھو ۔ اور اپنی تمام حاجتیں اسی کو سونپو ۔ اور اسی سے مانگو ۔ اور اُس کے سوائے کسی پر بھروسہ نہ رکھو ۔ توحید کو لازم پکڑو ۔ تمام چیزوں کا مجموعہ توحید ہے اور آپ نے مرض موت میں یہ بھی فرمایا تھا کہ جب دل

اللہ عزوجل کے ساتھ ٹھیک طور سے ہوجائے تو اس دل سے کوئی چیز خالی اور جدا نہیں ہوتی ۔ جن علوم کی احتیاج ہے ان میں سے کوئی چیز اس دل سے باہر نہیں ہوتی اور فرمایا میں مغز ہوں نہ چھلکا اور اپنی اولاد کو فرمایا میرے اطراف سے ہٹ جاو ۔ میں ظاہر میں تمھارے ساتھ ہوں اور باطن میں تمھارے غیر کے ساتھ ۔ میرے اور تمھارے اور تمام خلق کے درمیان اسقدر دوری ہے حسقدر کہ آسمان اور زمین کے درمیان میں ہے مجھے کسی پر قیاس نہ کرو اور نہ کسی کو مجھ پر آپ نے فرمایا میرے پاس تمھارے سوا اور لوگ حاضر ہوئے ہیں ۔ ان کے لئے جگہ کشادہ رکھو اور ان کا ادب رکھو ۔ اور آپ کے فرزند شیخ عبد العزیز رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، نے آپ سے آپ کی اس وقت حالت کی بابت سوال کیا ۔ فرمایا کوئی مجھ سے کسی امر کی بابت سوال نہ کرے ۔ میں ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف جاتا ہوں اور اللہ عزوجل کے علم میں ہے اور بھی شیخ رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، نے پوچھا کہ آپ کی بیماری کیا ہے فرمایا میری بیماری کو کوئی ۔ نہیں جانتے ۔ نہ آدمی نہ جن نہ فرشتہ بعد حضرت حقائق اور معارف میں سخن فرمانے لگے ۔ اور فرمایا اللہ تعالےٰ کا علم جو اصلی ہے نہیں بدلتا کیوں کہ حکم بدلتا ہے ۔ علم نہیں بدلتا ۔ حکم متسوخ ہوتا ہے ۔ علم منسوخ نہیں ہوتا ۔ اللہ تعالےٰ اس چیز کو محو کرتا ہے ۔ جس کو چاہتا ہے ۔ اور ثابت رکھتا ہے جس کو چاہتا ہے ۔ محو اور اثبات احکام میں ہیں ۔ اور اللہ تعالےٰ کے پاس ام الکتاب ہے ۔ لوح محفوظ ہے ۔ اسمیں جو لکھا ہے وہ نہیں بدلتا ۔ اور خدائے تعالیٰ سے سوال نہیں کیا جاتا اس چیز سے جو کرتا ہے اور بندے سوال کئے جایئنگے اور آپکے فرزند عبد الجبار رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، نے پوچھا کہ آپ کے بدن مبارک میں کیا چیز درد کرتی ہے ۔ فرمایا میرے تمام اعضاء درد کرتے ہیں ۔ مگر دل کو کچھ درد نہیں ۔ وہ خدائے عزوجل کے ساتھ راست اور ثابت ہے روایت ہے شیخ عبد الرزاق اور شیخ موسیٰ فرزنداں محبوب سبحانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، سے کہ آپ اپنا ہاتھ اُٹھا کر لمبا کرتے تھے اور فرماتے تھے وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ ، توبہ کرو اور صفت میں داخل ہوجاو ۔ میں ابھی تمھارے طرف آتا ہوں اور فرماتے تھے نرمی کرو ، نرمی کرو ۔ پھر موت کی بے ہوشی آپ پر طاری ہوئی ۔ پس آپ فرماتے تھے ۔ استعنت بلا الہ الا اللہ الحی الذی لایموت ولایخشی الفوت سبحان من ۔ تعزز بالقدرہ وقھر العباد بالموت لا الا الا اللہ محمد رسّول اللہ ۔ یعنی میں نے مدد چاہی اس خدا سے

جس کے سوائے اور کوئی معبود نہیں ۔ وہ زندہ ہے کبھی نہ مریگا۔ اور نہ اُسے فوت ہونے کا ڈر ہے ۔ پاک ذات اللہ ہے ۔ جو قدرت سے غالب آیا۔ اور موت سے بندوں کو عاجز کیا ۔ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالےٰ کے ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں ۔ آپ کے فرزند شیخ موسیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ ، فرماتے ہیں آپ لفظ تعزز پر پہونچے تو آپ کی زبان مبارک سے لفظ صحت کے ساتھ ادا ہو نہ سکا ۔ بہ سبب شدت اور تکرار کے جو حرف زمین ہے ۔ پھر آپ دہراتے رہے ۔ یہاں تک کہ آپ لفظ تعزز بلند آواز سے صحت کے ساتھ ادا کیا ۔ پھر فرمایا اللہ اللہ یا اللہ اس کے بعد آپ کی آواز پست ہوگئی ۔ اور روح مبارک پرواز کرگئی ۔ اناللہ وانااللہ الیہ راجعون ۵ آپ کا وصال ۵۶۱ھ میں ہوا ۔ ہفتہ کی رات تھی ۔ ربیع الاول کی ۔ آٹھویں تاریخ تھی ۔ اس وقت آپ کی عمر شریف (۹۱) اکانوے سال کی تھی ۔ آپ کا جسم اطہر آپ کے مدرسے میں دفن کیا گیا ۔ آپ کا روضہ مبارک بغداد شریف میں ہے ۔

تاریخ تولد وہ وصال وسالہائے عمر حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ،

زمحی الدین محمد شاہ جیلانی   اگر خوابی ۳ تاریخ گماہی
ستیش کامل وعاشق تولد   ومالش جوز معشوق الٰہی

کتبۂ دلاور حسین فاروقی الناصری ۲۶ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ

قصیدہ

غوث اعظم اولیاء اسروری   قطب عالم اصفیار ارہبری
در ازل خوانند عبد القادرت   قدرت جان آفریں رامظہری
مہر باشی بر سپہر علم دین   در محیط فضل یکنا گوہری
اے کمالے بیمثالت بہر تو   کرد پید جابہ ابوج برتری
بعد تو مانند ومثلت عارفے   کس لذیدہ زیر چرخ چبنزی
تخت شہای کمتر از سنگت درت   نصل تو بر تر زشاخ قبصری

شیر مغلوب از سگ دربان تو   مرحبا اے یادگار حیدری
بے ادب باشم بوصف پیکرت   گواہم از رشک بتان آذری
وام آرد بحر طاقت از کجا   تاکند بادست جودت ہمسری
کے سزائے مدح تو باشم کہ من   ذرہ ام تو آفتاب انوری
بر سلام پی توان فرما کرم   اے عزیز مصر بخشا یلشگری
اوڑنا علم فلک پہ ہے پیروں کے پیر کا   در اُن کا دار امن امیر وفقیر کا
شیطان نے صاف آدم وحوّا کو جُل دیا   اس در پہ جعل چل نہ سکا اس شریر کا
قدرت میں آپ کے ہے دکھلاویں چاہیں گر   جلوہ جمال اقدس رب قدیر کا
دوزخ کے سمت وہ جو غضب سے کریں نظر   حرّ جحیم رشک بنے زمہریر کا
قربان اس کے میں کہ صعوبت میں خوبخود   آجاتا یاد نام ہے پیر شہیر کا
یاغوث منہ سے جاتا ہے لے ختہ نکل   ہے تکیہ کلام یہ برتاو پیر کا
گھبرا کے قبر میں جو پکاروں میں غوث کو   ہوجائے بند منہ وہیں منکر نکیر کا
نغرش سلام پیر میں کیوں ہو صراط پر   پایا بہت قوی ہے میرے دستگیر کا
قطب زمان کے وصف میں عاجز ہوں ہم دمو   کیا متہ ہے اور حوصلہ کیا مجھ فقیر کا

قصیدہ

ترا پایہ یاغوث برتر ہے بہتر   تیرا پایہ خورشید خاور سے بہتر
ترے روئے پر نور کا ایک پر تو   تب وتاب بدر منور سے بہتر
تیرا آستان معلیٰ واقدس   بلندی میں چرخ مدوّر سے بہتر
تو محتاج کو چاہے جو سلطنت دے   گدا تیرا ہر شاہ وقیصر سے بہتر
قدمچہ تیرے زینہ کا غوث اعظم   بزرگی میں تخت سکندر سے بہتر
زبس روح پرور گلی کی تیری بو   شمیم گل ومشک وعنبر سے بہتر
بحق مریضان تیرے کوچہ کی گلیِ   اثر کرتی معجونِ اکبر سے بہتر

جماعت میں مردان راہ خدا کی — ہوا کون ہے ذات اطہر سے بہتر
تری گرد پارنگ دل کو حس کے — ہر ایک کشتۂ کیمیاگر سے بہتر
جوہیں زیر سایہ تیرے انکے حصّے — تیری عاطفت مہر مادر سے بہتر
سلام کمین سرور اُملتجی ہے — نبا اس کے دل کو دے بہتر سے بہتر

قصیدہ

امداد امداد اے قطب اقطاب — رنج والم سے از بس ہوں بیتاب
نفس شفتی ہے ناساز بالکل — دیتا ہے دن کو راحت نہ شب خواب
مضطر ہے حالت اس درجہ میری — کرتا ہے مجھ پر افسوس سیماب
گریہ کا عالم یاغوث یہ ہے — بیٹھوں جہاں میں ہو میرے گرداب
اس سے نہیں ہے کچھ صلح ممکن — ہیں ناموافق مابین اسباب
ہر ایک سے مل کر تدبیر پوچھی — لیکن مدبّر اس کا ہے نایاب
یاغوث سب سے مایوس ہوکر — پکڑا ہوں آخر حضرت کا میں باب
شاہا چھڑا دو مجھے سے اُس کے — بنوا مجھے لو پھر اپنا بواب
کہتی سلام محزوں کے دل کی — سو کہتی ہے اُسکو کردیجئے شتاب
جو عرض کرتی تھی بس یہی ہے — لاتا بجا ہوں اب اپنے آداب

سلام

السلام اے غوث اعظم السلام — (السلام اے قطب اکرم السلام)
اے قریب بارگاہ کردگار — سر مدمی رازون کے محرم السلام
بس لب جان بخش حضرت کرتے ہیں — کار عیسیٰ ابن مریم السلام
تاج گیرد تاجدار اولیاء — دونوں عالم میں مکرم السلام
باب عالی سے میرے آقا کہیں — رتبۂ افلاک ہے کم السلام
باز بخشش بار میں اے فیض بخش — حکم قررہ رکھتی ہے یم سلام

اے نسیم جانفزا اے باغ داد — داد خواہی کرتے ہیں ہم السلام
ہم کو اے مولا بتا سشید جناب — جز غم دیں کچھ نہ ہو غم السلام
لی جئے تسلیم سلام مدح گو — اسلام اے غوث اعظم اسلام

تمام شد

رسالہ تصوف نثر

من تصنیف حضرت شیخ محی الدین عربی رحمتہ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شیخ محی الدین عربی روایت کئے ہیں کلمہ کون پانچ جنس سون بوجنا ہے یوں کوی نا بوجیکا تو اوسکی مسلمانی اور اوسکی فقیری حرام ہے۔ سن طالب اول لا دوسرا الہ تیسرا الا چوتھا اللّٰہ پانچوان ہوسن طالب اول لا کہی تو معنا دو جنس سوں ہوتا ہے لا نفی بھی ہے۔ اثبات بھی ہے۔ بوجنا مرشد کامل سون خدا کہا لیس مومن ویجتمعون فی المساجدو یقولون کا الا اا اللّٰہ برسم فھو منافق خدا کہا۔ مسجد میں بیٹھ کریون کلمہ بولتی ہیں۔ سومومن نہ ہووے۔ اومنافق ہیں اوکی کہے تو کلمہ کا منزل مقام مرتبے کون نہ بوجھکر اسم کے واسطے زبان سون بولتے ہیں اس واسطے فی خو صرف معانی منطق پوجاربرستی عالم میں عالم گنواتی ہیں ہو رکلمہ بولنے کے حق سون بولتے نہیں حدیث قدسی ہیں۔ فرماتے ہیں مومن عندالناس وکافر منداللّٰہ خدا کہا۔ منزل مقام کلمہ کاجان کر بولے سو عالم میں مومن نہیں ہے۔ وہ جیسا نزدیک میرے جونکہ۔ کافر ہے۔ قولہ تعالی اِن اللّٰہ اصطفیٰ لکم الذین خلاتموتن الا وانتم مسلمون
خدا کہا جانو تمنا نا امید کر پیدا کیا نہیں۔ تمنا ایک کلمہ دین کا اوجالا کردیا ہوں۔

اس کلمہ کون ظاہر باطن بوجھ کر موے تو خوب ہے۔ تمھارے موت کون شرف نہیں۔ تو مردار ہوکر مرسکے سن طالب سوال لا کہتے سو کیا الہ کہتے سو کیا الا کہتے سو کیا اللّٰہ کہتے سو کیا ھو کہتے سو کیا جواب لا کتے سد شریعت الا کتے سو طریقت الا کتے سو حقیقت اللّٰہ کتے سو معرفت ھوکتے سو توحید ذات سن طالب لا کتے سونا سوت۔ الہ کتے سو مکلوت الا کتے سو جبروت ھوکتے سوہاہوت من طالب لا کئے سو خاک الا کتے سو یا والا کتے سو اب اللّٰہ کتے سو آتش ھوکتے سو خالی سن طالب لاکتے سوتن الا کتے سو دم الا کتے سو دل اللّٰہ کتے سو روح۔

سوال روح اللّٰہ کیوں ہوا کہے تو قولہ تعالے ونصحت فية من روحی فقعو الهٖ مساجدین خدا کہا میرے میں سون نکالیا ہوں

روح میں روح کی پنچ ہوں کہا سوذات قدیم من طالب لا کہا سو محمد الہ کہا سو داود الا کہا سو موسیٰ اللّٰہ کہا ، سو عیسیٰ ہو کہا سو ذات اللّٰہ من طالب لا کہا سو جبریئل الا کہا سو امرافیل الا کہا سو میکایئل اللّٰہ کہا سو عزرایئل ہو کہا سو ذات قدیم من طالب لا کہے تو چشتیا الہ کہے تو سہر وردیہ الا کہے تو قادریہ اللّٰہ کہے تو طبقاتیہ ہو کہے توفقیر سن طالب لاکہے تو بندہ نہ ہوئے وتحقیق تونچہ ہے اس بات پر ایمان لایا مین مراد حاصل کیا پھر مراد نہیں ہو کہے تو اللّٰہ بندہ دونون فنا بوج لے واحد رنگ قولة تعالیٰ هو اللّٰة الواحد القهار

خدا کہا میں کل میں ہوں اسم کو جگہ نہیں

باب دوسرا

قولة تعالیٰ ربُّ المشرق والمغرب لا اِلا هو فاتخة وة وكيلا

خدا کہا کلمہ بولیا تو کیا ہوا کلمہ کا معناہوت جنس سے ہوتا ہے۔ اگر بوجنے کا حق ہے یسوں بوجیا تو مغرب ہو امشرق تک اور جنوب سے شمال تک مجھ باج دوسرا نظر کچھ نہ آوے گا۔

قولة تعالیٰ كِرا ما عبتين يعلمون خدا کہا سب مجھے جانتے ہیں۔ اور سب کو میں جانتا ہوں کر اما کابتین کو بھی خبر نہیں دوسرے کو کیا خبرا چھسکا محمد تک فقیر کو دیکھے اور اولیائے مکمل تھے کلمہ کا معنا تحقیق کئے ھوار ایسے کوں بوجھے اس بات کا بددار ہونا کر کر اب کون بدارا کرو بولیے اسواسطہ ہورفقر کو اللّٰہ کر کر بوجے قفلة تعالٰی الفقر اِذ االم الفقرا اللّٰة خدا کہا فقیر میری ذات ہے فقیری سو میں ہوں یوں محمد یکفقیر کوں پوچھ کر اوس سے اللّٰہ تحقیق کر کرایمان لائے ہوا فقیر ہوکر دیکھے ہورشاہدی بولے اشهدان لا الا الا اللّٰة وحدة لا شريك لة اوس کا معنا پیغمبر کہے ایک دم شاہدی بولتا ہوں اللّٰہ باج دوسرا کوئی۔ شریک نہیں سب ٹھاروہی ہے۔ دوسرا بھی کچھ نہیں۔

اشهدآنّ محمد عندة ورسولة تحقیق شاہدی بولتا ہوں۔ اللّٰہ ایک ہی میں اوسکا بندہ ہوں۔ پیر پیر یا اللّٰہ ہی کہے شریعت اداھوا ہو رلوج کرو۔ باطن رکھے سو معرفت سن طالب فقیر کا مراتب ہے۔ اول شریعت شریعت کا مرتبہ خاک دوسرا طریقت طریقت کا مرتبہ بارا تیرا حقیقت حقیقت کا مرتبہ آب چوتھا معرفت معرفت کا مرتبہ آتش پانچوان توحید توحید کا مرتبہ حالی یو پانچوں کا خرقہ پہنایا ہے۔ فقیر کر بولیا ہے۔ یا روسے اللّٰہ کھویا اوسے ذات کھو یہ پانچوں ہی باطن میں ایک ہی ہے۔ جو کوئ بوجے گا۔ اسی ظاہر وباطن مین ایک ہی ہے۔

سن طالب محی الدین عربی روایت کئے ہیں معرفت جامعة بين التنزيد والتشبية یوں کوئے بوجے گا تو اسکا معرفت پورا ہے۔

سن طالب لا الہ کہے تو تنزیہ معنی اوسی صورت نہیں ہوز الا اللّٰہ کہے تو تسشبیہ اوسکا معنی صورت ہے محی الدین عربی کہے یهوان التز يدلةٖ ذاتی والتبية تاء ر مظهري اوسکا معنی لا الہ کہے سو ایسے صورت نہیں اوسکی ذات کی طرف سون ہو رالااللّٰہ کہے سو روسے صورت ہے اوسکے مظہر

کی طرف سون قولة تعالی لیس مکشة شییء و هو السمیع البصیر خدا کہا میری مثال نہیں۔ تحقیق میری ذات کی طرف یوں شریعت ھوا۔ سُناھوں اور دیکھتا ہوں کہا سو میری مظہر کے طرف سوں یہ حقیقت ھوا شرع کے علماء آوے آہٹ سوں شا کریں آوے آیت سون نکر ہیں۔ اوکے کہے تو۔ بوجنا سکہ کوکنہ کارہن ولی کہے تو تنزیہ میں قید کئے ھورا اوسی تشبیہ کا میسر نہیں کہے خدا کہا ولة کُل شیی قیدیرٌ مجھے جب کچھ شئے بھی میسر ہے کہا صورت ہے۔ حدیث من۔ انی فقدرای الحق پیغمبر کہے مجھے جو کوئی دیکھا خدا کون دیکھا۔ قولة تعالی انیا نصعمکة تو جة اللّٰة ا خدا کہا مرشد کون دیکھا سو مجھے دیکھا جو کوئی بوجے گا ایمان ثابت لیا کر مرشد کون دیکھا اوسی جدھر دیکھا اُدھر اللّٰہ دستا ہے۔

قولة تعالی فانیما تولو افشم وجة اللّٰة خدا کہا یا محمد جدھرتوں دیکھیگا اودھر میں دسو نکاتن طالب یوں محمد ابسکون تحقیق کر کر شہادت کلمہ بولی ہو رجیون میں بولیا ہون یتون بوجھ کر کلمہ بولو کہے تھے۔ امت کو اپنے اولوج خلق چھوڑے اور یتون راوین کی مثال سیکھ کر اس طرح سے بولتے ہیں یو بولکر عالم میں مومن مسلمان کوائ ہیں محی الدین عربی کہے ہیں۔ وانِ قلتِ با کامرین کنت مسد ارا اُو کُنت اِماما فی المعارف سید امحی الدین عربی

محی الدین عربی کہیں ہیں جیون رسول اللّٰہ بولے کلمہ تنزیہ ہورتشبیہ دونو صحی کر بولے تو عارف سید امام تحقیق ہوا سن طالب باری کون ہو رخالی کون ہو رخطرے کون صورت نہیں یو تحقیق شریعت کا عالم بولتا ہے ولی بوجھ کر بولتا ہیں سن طالب الا اللّٰہ کہا سو صورت مجھے ہے یوں کہا سو کے کہے تو جہاں لکون دستا ہے صورت تمام میرا کہا یہ تشبیہ حقیقت ہوا ہور حقیقت کے لوگ صورت ہے کہتے ہیں نہیں کہا سواوس سے بوجتے نہیں ہو رمشر علی لوگ

سون حجت کرتے ہیں وکے کہے نوبا چوتکو بوجے نہیں اس واسطے انہوں کے معرفت پور نہیں باجوں بیچوں بوجیا تو اوسکا معرفت پورا ہووے گا محی الدین عربی کہے جو کوئی پیچونکو بوجھ کرپنچون پر ایمان لاتا رونے پنچونکے صورتسون اللّٰہ کون قید کیا ہور گنہگار ہو ہور باچون سون اندھار اورکوئ باچون پر ایمان لایا اونے باجون کی صورت سوں اللّٰہ کون معناد کیا حد باندیا تو روگنہ گار ھوا۔ اوکے کہے تو اوسے معناد کے معین نہیں یوں کہا سوکے کہے تو خطرہ کون معین معناد نہیں او سیح تنزیہ پیچون کہی جایا قولة تعالی ومن کان فی ھذة المی فھھو فی الا خرة اعمی خدا کہا یہاں اندھا سو وہان اندھا یوں کہا سو کیا کہے معین صورت کون کہا او سیچ تشبیہ باچون کہا جایئگا۔

بعض العرفین امعرفة الکاملتة الجا معة بین والتشبیة التزیة ثم لتزیة خبستة الحضنة

محی الدین عربی لعضے عارفان تنزیہ وتشبیہ دونوں کون دو جنس سون بوجھ کر کمالیت کون پونچ کر شرعی کی محلمین رہے سن طالب جو کوئی کلمہ کا منزل مقام مرتبہ کون بوجھ کر کمالیت کون انپڑے سوانو کو واصل کہا جایئگا۔

تمت تمام شد

مرتبہاز

ڈاکٹر زیب النساء۔ایم۔اے۔

بی۔ایڈ۔پی۔ایچ۔ڈی۔

GOVERNMENT ORIENTAL MANUSCRIPTS LIBRARY,
MADRAS UNIVERSITY BUILDINGS,
CHENNAI - 5.

PUBLICATIONS

Risala-e-Maqsood-al-Salikeen	-	81.00
Israr-i-Ishq	-	56.00
Ragmala	-	105.00
Tuhfa-e-Khani	-	20.00
Nuskha-I-Shahjahani	-	5.63
Baharistan-E-Sakhun	-	22.80
Bahar-e-Azamjahi	-	11.25
Jami-ul-Ashya	-	13.50
Sawanihat-e-Mumtaz	-	13.50
Waquiat-e-Azfari	-	10.00
Tarikhe-Hafeezulla Khani	-	12.00
Tuzuk-e-Walajahi	-	16.37
Safinat-al-Najat	-	1.63

25% Discount Allowed

Printed by :

Royapettah Stationery and Printing and Allied Products Producers Industrial Co-op. Society Ltd.,

26, Koya Arunagiri First Street, Royapettah, Chennai - 14.